xxiv. The Islamabad Consumers Protection (Amendment) Ordinance, 2007 (Ordinance No.LXVII of 2007).

xxv. The Price Control and Prevention of Profiteering and Hoarding (Amendment) Ordinance, 2007 (Ordinance

No.LXVIII of 2007).

xxvi. The Trade Organizations Ordinance, 2007 (Ordinance No.LXXI of 2007).

Mr. Chairman: The Ordinances stand laid. جی شاہ صاحب۔

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: جناب چیئرمین! ابھی وزیر صاحبہ نے کیا، اس میں یہ ہے کہ Item No. 3 move Minister for Parliamentary Affairs to lay before the Senate the following Ordinances as required by the Clause (2) (a) (ii) of Article 89. All the Ordinances جو یہاں پر mention ہیں یہ in 2007 promulgate کیے گیے تھے۔ 2007 کے promulgate کیے ہوئے Ordinances آج 2009 میں under Article 89 پیش نہیں ہو سکتے۔ Yes, the remaining portion by the Judgement of the Supreme Court announced on 31st July, 2009 اور وہ بھی 37 Ordinances are related with the Provincial تھے جن میں تین Governments and the remaining with the Federal Government. اب اس میں دو باتیں ہیں، ایک تو یہ کہ Article 89 کے تحت کیے گیے promulgate تصور نہیں کیے جائیں گے، that's why I am on the Point of Order اور دوسرا یہ کہ اس میں سپریم کورٹ کی جو Judgement ہے، جس کے حوالے سے یہ کیا جا رہا ہے کہ وہ 34 تھے اور یہ 26 ہیں، remaining اپنی موت آپ مر گئے۔

جناب چیئرمین: یہ تو اب حکومت کی مرضی ہے۔

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: میں یہی عرض کررہا ہوں کہ یہ چونکہ صرف Judgement of 31st July, 2009 کے مطابق ان کو تصور کیا جائے گا کیونکہ apex court of the country کی جو Judgement ہے اور اس کے تحت یہ 26 laws تصور کیے جائیں گے جو ابھی laid down ہوئے۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر بابر صاحب وزیرمملکت صاحبہ نے Ordinances lay کر دیے ہیں، ظفر علی شاہ صاحب نے ایک objection raise کیا ہے کہ these Ordinances can only be laid in view of the Supreme Court's Judgement dated 31st July, 2009 but Clause (2) (a) (ii) of Article 89 is not applicable. point آپ کا of view یہی ہے۔

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: جی جناب۔

Mr. Chairman: This is what he has said.

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: I think that is an academic discussion and my view is that all the Articles which have mentioned Sub-Articles of Article 89 are the Articles which are enabling Articles for the issuance, promulgation, preparation or for the purposes of the extension into this. Now the honourable Supreme Court has not said that do it under my orders, but the honourable Supreme Court in paragraph No. 18 has said, you can read the Judgement, my friend can also read the Judgement, is basically that there is a saving Clause which is provided to these Ordinances, because of the military intervention for the second time through the order of the emergency which was promulgated by General Pervez Musharraf. There was a lapse of time and the coverage has been given under the doctrine of, of course, I would not name that,

this is a famous rather infamous doctrine but the Supreme Court has given the coverage…

Mr. Chairman: It gives you the permission to lay.

Senator Dr. Zaheeruddin Babar Awan: Yes of course, the time has been extended so whenever you will lay, you will lay, you will lay under the Constitution not under the orders of the Court. We are complying the orders of the Court and laying of these Ordinances over here of course, is an information to this august House because when we laid into the National Assembly the consequence is different.

Mr. Chairman: Then Article 70 of the Constitution will come into play over there. The Ordinances stand laid.

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: جناب والا! یہ اتنی simple بات نہیں ہے، the Constitution can not be amended even by the order of the Supreme Court. سپریم کورٹ نے اپنی کسی Judgement میں Article 89 کو amend نہیں کیا۔ انہوں نے تو اپنے ایک order میں حکومت کو cushion دیا ہے and that I accept. یہ صرف اس کے تحت آئیں گے not under the Article 89, انہوں نے Article 89 کو amend نہیں کیا کہ وہ اب amend ہے اور جب 2005 or 2007 کا، اور انہوں نے اسی لیے specify کر دیا ہے کہ these Ordinance which were passed in 2007 اور آج 2009 ختم ہو رہا ہے اور آپ اس پر Article 89 لاگو کر رہے ہیں۔

Mr. Chairman: One minute, let's not go into the academic discussions because Ordinances had to be laid, pursuant to the Judgement آپ نے lay کیے ہیں۔ اب آپ کے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ باقی Ordinances کیوں نہیں lay کیے گیے؟ on that government will decide itself to lay furthermore Ordinances or not, that is a decision of the government. Yes Babar Sahib.

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان: جناب چیئرمین! جو فیصلہ regarding the remaining Ordinances ہے،مثلاً ایک دو Ordinances ایسے ہیں جن پر میری اپنی reservations ہیں، آپ کی بھی ہونی چاہییں، وسیم سجاد صاحب کی، رضا ربانی صاحب کی، نیئر بخاری صاحب کی بھی ہونی چاہییں۔

جناب چیئرمین: آپ مجھے اس میں شامل نہ کریں۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان: ایک وکیل کے طور پر ہونی چاہییں۔

جناب چیئرمین: اچھا وکیل کے طور پر۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان: مثلاً Bar Councils Legal Practitioners Act میں amendment ہے تو اس پر آپ کو بھی reservations ہوں گی، آپ نے ہمارے ساتھ واپس bar میں جانا ہے۔ اس لیے ان سب کو reservations ہیں۔ We are examining each Ordinance separately and those..

جناب چیئرمین: میرے خیال میں ان میں ایک press کا بھی ہے۔ کیوں میاں رضا ربانی صاحب۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جی ہاں .PEMRA Ordinance

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان: جی بلکہ تین ہیں۔ There are two more Ordinances one is PEMRA and third Ordinance as well examine اس پر ہم Ordinances ہیں باقی کے بعد کرنے let me give this assurance on the floor of the House that within the time which is stipulated in the Judgement of the Supreme Court, we will bring all the necessary Ordinances before the House.

Mr. Chairman: Thank you, Ordinances stand laid. Now we move to…

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: جناب والا! یہ آئین کی بات ہے، آپ ہمیں educate کریں، ہم سیکھنا چاہتے ہیں۔

جناب چیئرمین: دیکھیں اس وقت Ordinances stand laid, یہ academic discussions ہیں۔

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: جناب والا! میرا سوال یہ ہے کہ جب چار مہینے Ordinances پر گزر جاتے ہیں تو وہ ختم ہو جاتے ہیں۔ اب ان Ordinances کی صورتحال کیا ہو گی؟ کیا اب یہ ختم ہوں گے یا نہیں ہوں گے؟کیا انہوں نے permanence adopt کر لیے ہیں؟

جناب چیئرمین: وزیر صاحب نے بتا دیا ہے۔ انہوں نے پورا explain کر دیا ہے۔

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: آپ ہمیں ذرا سمجھا دیں کہ اب ان Ordinances کا کیا ہو گا؟ یہ ختم ہوں گے یا کہ نہیں ہوں گے۔

Mr. Chairman: Professor Sahib honourable Supreme Court has passed a very detailed Judgement, very reasoned Judgement, please have a look into it, because I can not discuss the Judgement sitting over here.

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: میری ایک درخواست ہے کہ Constitution کہتا ہے اس کا ….(3) Article 89 Clause

Mr. Chairman: I can not speak and discuss the Judgement of the honourable Supreme Court here. Let's come to the Commenced Motion پروفیسر صاحب کافی لوگوں نے اس پر تقریریں کرنی ہیں۔

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: جناب والا! ہمیں یہ بتایا جائے کہ یہ Ordinances ہم پر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے impose ہو گئے یا یہ ختم بھی ہوں گے۔ اس سوال کا جواب دیں کہ کیا انہوں نے یہ permanence لے لیے ہیں، چار مہینے کب شروع ہوں گے اور کب ختم ہوں گے۔

جناب چیئرمین: اچھا اس سوال کا جواب دے دیں۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان: جناب چیئرمین! یہ Ordinances دونوں ایوانوں سے Act of the Parliament کی صورت میں pass ہو جائیں گے، ان کو permanency ملے گی۔ جو pass نہیں ہوں گے they will wither away and they will die.

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: جناب والا! میں Article 89 کی بات کر رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: دیکھیں جب یہ Bill بنے گا پھر اس پر بحث کیجیے گا۔

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: اصل بات یہ ہے کہ یہ Bill بنے گا بھی کہ نہیں، میرا سوال ہی یہ ہے۔

جناب چیئرمین: جب یہ Bill بنے گا تب اس پر بحث ہو گی۔ ابھی تو Bill بھی نہیں بنا۔Article 70 پڑھ لیں، جب قومی اسمبلی میں یہ Ordinances lay ہوں گے۔۔۔

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: یعنی یہ قومی اسمبلی میں بھی lay ہوں گے۔

جناب چیئرمین: جی آئین یہی کہتا ہے۔

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: تو پھر آج وہاں پر lay ہونے چاہیے تھے۔

جناب چیئرمین: اس کی information یہاں پر بھی ہوتی ہے۔ اب وسیم سجاد صاحب موجود نہیں ہیں ورنہ میں ان سے کہتا کہ آئین پر روشنی ڈالیں۔ میاں رضا ربانی صاحب آپ اس پر کچھ کہیں کیونکہ it does not look nice for the Chair to teach law and the Constitution. دیکھیں یہ ادھر information کے لیے lay ہوتے ہیں۔ Professor Sahib Ordinances are laid in the Senate for information, but if they have to be made a Bill, they have to be laid in the National Assembly and then the provisions of Article 70 of the Constitution comes into play and they are automatically referred to the Standing Committee on Law or whichever is the concerned Standing Committee. اس کے بعد پھر یہ ایوان میں آتے ہیں، پھر یہ سینیٹ میں آتے ہیں۔

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: اس کو یہا ں پر lay کرنے کی بجائے اسمبلی میں کر لیتے تو ہمیں وہاں سے اطلاع مل جاتی۔

جناب چیئرمین: سپریم کورٹ نے in its wisdom has used the word "Parliament".

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, in any case Article 89 is very clear that the Ordinances have to be laid in both the Houses and it is the prerogative of the government that whether first it wants to lay the Ordinance in the Senate and then take it to the National Assembly, i.e.,

(a) The prerogative of the government.

(b) It is also the prerogative of the government that unless it is not a money Bill any one of these Ordinances can be converted into a Bill and introduced into the Senate first, pass here and then subsequently sent to the National Assembly. But if they want to convert an ordinance into a Bill then that, of course, naturally under Article 89 has to be laid before the National Assembly and then Article 70 will come into place. I think it is an unnecessary controversy. The Supreme Court judgement, two detailed

paragraphs are very clear as what is to be done with these ordinances, to what extent they have been given a life and that in case they are to be converted into law and the government wants that they should continue to be a law, they will have to give it retrospectivity. So, to that extent the Supreme Court judgement has gone, the judgement is absolutely clear.

Further Discussion on the Commenced Motion On the Kerry-Lugar Bill

Mr. Chairman: Let the members of the National Assembly first look into it. Now, we start the commenced motion. We may now take up item No. 4 regarding further discussion on the motion moved by Mr. Muhammad Ishaq Dar on 8th October, 2009 on Kerry Lugar Bill passed by the US Congress for financial assistance to Pakistan. Prof. Ibrahim Sahib, please

آپ start کیجئے۔

سینیٹر پروفیسرمحمد ابراہیم خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین۔ میں ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے بڑے انتہائی اہم مسئلے پر موقع دیا۔ کیری لوگر بل کے کئی پیراگراف یہاں کئی فاضل دوستوں نے پڑھ کے سنائے ہیں۔ میں اس میں نہیں جاؤں گا۔ میں صرف ایک بات عرض کروں گا کہ اس بل کے اندر یہ بات لکھ دی گئی ہے کہ امریکہ اور پاکستان کے درمیان دوستی ہے۔ امریکہ پاکستان کا دوست ہے اور پاکستان امریکہ کا دوست اور 2001 ء سے لے کر اب تک پندرہ ارب ڈالر پاکستان کو دیا جا چکا ہے ۔ یہ اس بل میں لکھا ہوا ہے۔ جس میں سے دس ارب ڈالر security پر خرچ ہو چکا ہے۔

جناب چیئرمین! میں تھوڑا سا اس پر بات کرنا چاہوں گا کہ کیا امریکہ پاکستان کا دوست ہے یا نہیں ہے۔ میرے فاضل دوست جناب میاں رضا ربانی صاحب نے بھی اس پر روشنی ڈالی ہے۔ ان کی بات کو تھوڑا آگے بڑھاتے ہوئے میں اشارات ہی میں بات کروں گا کہ پاکستان نے امریکہ کے ساتھ دوستی کا رویہ اختیار کیا اور یہ بھی بہت ہی غیر معمولی طریقے سے۔ حقیقت یہ ہے کہ ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا۔ 1949ء میں امریکہ سے بھارتی وزیر اعظم نہرو صاحب کو دعوت نامہ آیا تھا امریکہ کے دورے کا اور پاکستانی حکومت کی خواہش تھی کہ پاکستان کے وزیر اعظم جناب لیاقت علی خان صاحب کو بھی دعوت مل جائے لیکن یہ دعوت نہیں مل رہی تھی۔ تہران میں پاکستان کے سفیر سوویت یونین کے سفیر سے ملے اور سوویت یونین سے ہمارے وزیر اعظم کے لیے دعوت نامہ آیا۔ اب ہونا یہ چاہیے تھا کہ ہمارا وزیر اعظم پہلے سوویت یونین کا دورہ کرتا اور اس کے بعد امریکہ جاتا لیکن سوویت یونین کا دورہ منسوخ کر دیا گیا اور امریکہ کا دورہ کیا گیا۔ جہاں سے ہماری فارن پالیسی کی بنیاد ہی ٹیڑھی پڑ گئی اور

خشت اول چوں نہد معمار کج
تا ثریا می رود دیوار کج

اس پالیسی کو آج تک ٹھیک نہیں کیا گیا اور ہمارے Joint session میں گزشتہ سال جو قرار داد پاس ہوئی تھی ، جس کی monitoring کے لیے اور implementation کی ایک کمیٹی بھی بنی ہے۔ اس میں یہ بات بھی کی گئی ہے کہ فارن پالیسی پر دوبار ہ سوچا جائے اور اس کو درست کیا جائے اور وہ پاکستان کے مفادات کے تابع بنائی جائے۔

جناب چیئرمین! اس کے بعد کیا ہوتا رہا۔ ہم سیٹو اور سینٹو میں داخل ہوئے۔ ہم نے امریکہ سے معاہدات کیے۔ ان معاہدات کے تحت ہمیں کچھ تعاون ملتا رہا۔ اس کے بعد 1962 ء میں چین اور بھارت کی جنگ ہوئی اور بھارت نے اس جنگ کی بنیاد پر امریکہ سے بھرپور تعاون حاصل کیا۔ اس وقت ہم چیختے رہے، ہماری حکومت چیختی رہی کہ یہ امداد بھارت جو وصول کر رہا ہے یہ چین کے خلاف استعمال نہیں ہو گی بلکہ یہ ہمارے خلاف استعمال ہوگی۔ امریکہ کو یہ بات معلوم تھی لیکن اس نے پھر بھی بھرپور تعاون کیا بھارت کے ساتھ اور 65 ء کی جنگ میں جب ہم نے امداد کے لیے درخواست کی تو امریکہ نے ہمیں کہہ دیا، واضح جواب دیا کہ آپ کے ساتھ میرے معاہدات communism کے خلاف ہیں۔ بھارت کے خلاف میرا آپ کے ساتھ کوئی معاہدہ نہیں۔ اس لیے 65 ء کی جنگ میں امریکہ کی طرف سے ہمیں کوئی مدد نہیں ملی اور 62 ء میں بھارت کو جو کچھ ملا تھا وہ پاکستان کے خلاف استعمال ہوتا رہا امریکہ کے جانتے بوجھتے۔

جناب چیئرمین! 71 ء کے حالات آپ کے سامنے ہیں کہ ہمارا مشرقی بازو ہم سے کٹ رہا تھا اور ساتواں بحری بیڑہ خلیج بنگال میں مہینے میں بھی داخل نہیں ہو سکا اور سوویت یونین کے تعاون سے بھارت نے ہم سے ہمارا مشرقی بازو کاٹ دیا۔ امریکہ کی طرف سے کوئی دوستی نہیں تھی اور اس کے بعد پھر جناب چیئرمین ! یہاں میرے دوستوں نے افغانستان کے واقعات کا تذکرہ کیا، سوویت یونین کے واقعات کا تذکرہ کیا۔ میں اختصار کے ساتھ عرض کرنا چاہوں گا کہ پاکستان کے معرض وجود میں آتے ہی افغانستان نے ہمارے خلاف ایک پالیسی اختیار کر لی۔ اگرچہ افغانستان کی طرف سے ہم پر کوئی جارحیت نہیں ہوئی ان حالات میں بھی، نہ 1948 ء میں نہ 1965 ء میں اور نہ 1971ء جبکہ ہم بھارت کے ساتھ برسر جنگ تھے اور اس کی اصل وجہ میں عرض کرنا چاہوں گا کہ ہمارے قبائل تھے۔ قائد اعظم محمد علی جناح نے اس بات کا اعلان کیا تھا، انگریز کا آپریشن جاری تھا پاکستان بننے تک۔ وہاں فو ج موجو د تھی ۔ قائد اعظم محمد علی جناح نے وہ پاک فوج واپس بلائی۔ اس بات کا اعلان کر دیا کہ ہماری مغربی سرحد کی حفاظت قبائل کی ذمہ داری ہے اور یہاں پر ہمیں کوئی فوج رکھنے کی ضرورت نہیں اور قبائل نے ہمیشہ اسی طرح حفاظت کی ہے۔ افغانستان کے ساتھ ہمارے گرم جوش تعلقات نہیں رہے اور شروع سے اقوام متحدہ کے اندر بھی انہوں نے ہماری مخالفت کی اور پختونستان کا پروپیگنڈہ بھی ریڈیو کابل سے چلتا رہا اور پھر جب 1974 ء میں افغانستان کے اندر انقلاب آیا اور سردار داؤد کے ہاتھوں اس وقت افغانستان کے بادشاہ جناب ظاہر شاہ کا تختہ الٹوایا گیا ۔ اس کے بعد پھر پاکستان نے بھی ایک پالیسی بنائی اور میں سمجھتا ہوں وہ درست پالیسی تھی، .Afghan foreign policy جناب ذوالفقار علی بھٹو صاحب وزیر اعظم تھے جن کی بنائی ہوئی یہ پالیسی تھی۔ جناب نصیر اللہ

بابر صاحب اس وقت سرحد کے گورنر تھے اور جنرل ٹکا خان صاحب Chief of Army Staff تھے۔ یہ تین co-founders تھے اس پالیسی کے اور افغانستان کی طرف سے ہمارے خلاف جو پراپیگنڈہ ہوتا رہا اس کے توڑ کے لیے یہ پالیسی بنائی گئی۔

اس کے بعد میں عرض کرنا چاہوں گا کہ سوویت یونین کی صرف افغانستان پر فو ج کشی نہیں تھی۔ ہمیں جب کہا جاتا ہے کہ آپ نے سوویت یونین کے خلاف افغانستان میں یہ اقدامات کیے ہیں۔ ہم نے اپنے تحفظ کے لیے کیے ہیں اور اگر ہم شعور نہ رکھتے اور ہم کم عقل ہوتے اگر ہم ان حالات میں آرام سے بیٹھے رہتے اور سوویت یونین کو افغانستان پر قبضہ کرنے دیتے تو ہمیں وہ تاریخ نہیں بھولنی چاہیے کہ زار روس کے زمانے سے وہ مسلمانوں کو ہڑپ کرتے ہوئے آ رہے تھے اور پھر سوویت یونین افغانستان کی سرحدوں پر پہنچا۔ اس کے بعد وہ پھر افغانستان میں داخل ہوا اور اگر ہماری طرف سے یہ پالیسی نہ بنتی سوویت یونین کو افغانستان سے واپس پلٹانے کی تو پھر اس کے بعد افغانستان کے بعد اگلا ہدف ہم ہوتے۔ اس لیے درست پالیسی بنائی گئی تھی اور سوو یت یونین کو افغانستان سے واپس پلٹانے پر مجبور کیا گیا۔

جناب چیئرمین! میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ سوویت یونین کی واپسی کے بعد امریکہ کی ہمارے ساتھ دوستی پھر دشمنی میں بدل گئی افغانستان کے اندر بھی اور پاکستان کے اندر بھی ۔ اس کے بعد پھر افغانستان کو بھی ویسے چھوڑ دیا گیا اور پاکستان کو بھی چھوڑ دیا گیا اور اس طرح ایک بار پھر ثابت ہوا کہ امریکہ پاکستان کا دوست نہیں کچھ اور ہے ۔ اس کے بعد ہمارے ایٹمی پرو گرام کو شروع سے جب ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے آگے بڑھایا، اس وقت بھی پابندیوں کی بات کی اور میاں نواز شریف صاحب کے دور میں جب ایٹمی دھماکہ ہوا تو اس وقت بھی پابندیاں لگیں اور ایٹمی پروگرام کے بہانے ہمارے اوپر پابندیاں لگتی رہیں۔ اس لیے ان سارے واقعات سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ امریکہ ہمارا دوست نہیں ہے۔ پاکستان امریکہ کا دشمن نہیں لیکن امریکہ پاکستان کا دوست نہیں۔ امریکہ نے پاکستان کے ساتھ ہمیشہ دغا، بے وفائی کی بلکہ یہ بہت ہلکے الفاظ ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ دشمنی کا ارتکاب کیا ہے۔ اس وقت ہمارے سامنے جو صورت حال ہے، یہ ہمارے بجٹ میں ہمیں بتایا گیا ہے ، بجٹ کا opening para جناب چیئرمین، ذرا پڑھ لیجئے کہ ہمیں ان آٹھ سالوں میں 35 ارب ڈالر کا نقصان ہوا ہے۔ ہم یہ نقصان کیوں اٹھا رہے ہیں اورہمیں ملا کیا ہے ؟ امریکہ کیری لوگر بل کے اندر لکھتا ہے کہ پندرہ ارب ڈالر ہم نے پاکستان کو دیا۔ بیس ارب ڈالر کا تو یہ نقصان اٹھایا۔ اس وقت بھی سات آٹھ ارب ڈالر ہم ہر سال نقصان اٹھا رہے ہیں۔ اب ہمارے سامنے دو باتیں ہیں۔ ایک بات یہ ہے کہ ہمیں امریکہ کی وجہ سے خطرات ہیں۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ ہمیں امریکہ سے بھی خطرات ہیں۔ پرویز مشرف صاحب بھی کہتے تھے کہ اگر میں امریکہ کے سامنے انکار کر دیتا تو اس کے بعد پاکستان پر بھارت بھی حملہ کرتا اور امریکہ بھی حملہ کرتا اور ہماری اینٹ سے اینٹ بج جاتی ، یہ گویا امریکہ سے خطرہ ہےہمارے آج کے حکمران ہمیں کہتے ہیں کہ اگریہ جنگ ہماری نہیں بھی تھی، اب ہماری جنگ ہوگئی ۔ اس وقت ہم دو انتہاؤں کے درمیان پھنس گئے ہیں۔ ایک انتہا پر امریکہ ہے اور ہمارے

حکمران اعلان کرتے ہیں کہ ہم اس جنگ میں امریکہ کے ساتھ ہیں ۔ جناب چئیرمین! میں آپ کی وساطت سے بڑے ادب واحترام سے حکومت کی خدمت میں عرض کرنا چاہوں گا کہ ۱۸ فروری کو ایک تبدیلی کے لیے آپ کو mandate دیا گیا ہے پرویز مشرف کی ان پالیسیوں کو بدل ڈالیے ، امریکہ کے ساتھ اس جنگ میں اگر آپ کھڑے رہیں گےتو کبھی اپنا تحفظ نہیں کر سکیں گے، اپنا دفاع نہیں کر سکیں گے۔

جناب چئیرمین! میں اس بات کا اعتراف کرتا ہوں کہ امریکہ اس وقت دنیا کا قائد ہے۔ دنیا کی قیادت امریکہ کے پاس ہے اور اللہ تعالیٰ کی سنت ہے کہ دنیا کی قیادت اسی کو ملتی ہے جس کے ہاتھوں بناؤ زیادہ ہو اور بگاڑ کم ہو، development زیادہ ہو اور destruction کم ہو۔ امریکہ کو بھی اگر یہ قیادت ملی ہےتو امریکہ میں یہ صلاحیت تھی کہ اس میں بناؤ تھا اور بگاڑ کم تھا لیکن اب میں سمجھتا ہوں امریکہ کا بناؤ بگاڑ میں تبدیل ہو رہا ہے ، development, destructionمیں تبدیل ہو رہی ہے۔ امریکہ نے خود ہی اپنی پالیسیوں اور نظام کو بدلنا شروع کر دیا ہے۔ جناب چئیرمین ! بنجمن فرینکلن امریکی صدر کا ایک قول ہے کہ "Who sacrifices permanent liberty for temporary security deserves neither liberty nor security" امریکہ نے اپنے نظام کو بدلنا شروع کیا ہے۔ وہاں پر عدل و انصاف ختم ہو رہا ہے اس لیے دنیا میں عالمی قیادت کا خلا پیدا ہو رہا ہے ۔ دوسرے لوگ اس کے لیے آگے بڑھ رہے ہیں۔ بھارت پر تول رہا ہے کہ اس کو UN Security Council میں permanent membership مل جائےاور ہم کہتے ہیں کہ ان کو نہیں ہونا چاہیے ۔ ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ پاکستان کو بھی وہاں ہونا چاہیے۔ ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ امت مسلمہ کو مستقل ممبر کی حیثیت حاصل ہونی چاہیے ۔ امت مسلمہ کی طرف سے ایک مسلمان ملک ہونا چاہیے۔ جناب چئیرمین! اس وقت دنیا میں قیادت کا خلا پیدا ہورہا ہے۔ اس کے لیے چین اور جاپان آگے بڑھ رہے ہیں ، European Union بھی آگے بڑھ رہی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ امت مسلمہ کے اندر بھی یہ potential موجود ہے لیکن میں بڑے افسوس کے ساتھ یہ عرض کروں گا کہ امت مسلمہ کے حکمران اس راستے میں رکاوٹ ہیں ۔وہ امریکہ سے خائف ہیں ۔ امریکہ کی وجہ سے جو خطرات لاحق ہیں اس کا سامنا کرنے کے لیے اپنے عوام پر وہ چڑھ دوڑتے ہیں لیکن امریکہ سے جو خطرہ ہے اس کے لیے عزم کے ساتھ مقابلے کے لیےآگے نہیں بڑھنا چاہتے۔ ہمارے ایسے نادان دوست ہیں جو چاہتے ہیں کہ پاکستان کی فوج حکومت امریکہ کی صف میں کھڑی ہے اس لیے ان پر حملہ کرنا ایسے ہی ہے جیسے امریکہ پر حملہ کرنا ہے۔ یہ ان کی ناسمجھی ہے اور اس کی وجہ سے وہ امریکہ کو فائدہ پہنچا رہے ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ وہ اگر اپنے عوام کو مار رہے ہیں تو یہ بھی ایک سنگین غلطی ہے اور دنیا اور آخرت میں اس کی سزا وہ بھگتیں گےلیکن جناب چئیرمین! اس وقت ان دونوں انتہاؤں سے ہمیں نمٹنا ہوگا۔ ہم حکومت سے بھی درخواست کرتے ہیں کہ اپنی security اور تحفظ کے لیے یہ بات لازمی ہے کہ آپ اعلان کر دیں کہ ہم امریکہ کے ساتھ نہیں ہیں ۔ ہمارے پچاس فیصدی سے زیادہ مسائل تو اسی وقت حل ہو جائیں گے اور اس کے ساتھ ساتھ جو دوست یہ کام کر رہے ہیں، جو اپنی فوج اور

اپنے عوام پر حملہ آور ہیں وہ بھی انتہائی سنگین جرم کا ارتکاب کر رہے ہیں۔ ان دونوں انتہاؤں سے ہمیں نکلنا ہوگا اور ان سے نکلنے کا راستہ یہی ہے ۔

جناب والا!ہمیں کہا جاتا ہے کہ اس امداد کی ہمیں انتہائی ضرورت ہے ۔ میرے فاضل دوست جناب الیاس بلور صاحب نے کل اپنی تقریر میں جو بات کہی تھی میں اس کی تائید کروں گا اور اس کو دہراؤں گا کہ ہمارے اپنے اپنے سیاستدانوں کے ،چاہے وہ حکومت میں ہیں چاہے حزب اختلاف میں ہیں، ہمارے سرمایہ کاروں کا جو سرمایہ بیرون ملک پڑا ہے وہ اگر اپنے ملک میں لے آئیں تو ہم امداد لینے والےنہیں رہیں گے بلکہ ہم اامداد دینے والے بن جائیں گے۔ اس لیے یہ بات کہ ہمیں ٹیکس بھی لگانے پڑیں گے اور ہمیں اپنے عوام کا خون چوسنا پڑے گا اور ہمیں امریکہ سے بھی امداد لینا پڑے گی ، یہ درست طریقہ نہیں ہے۔ ہمیں امریکی امداد کی بجائے اپنا سرمایہ اگر واپس مل جائے تو ہم غریب نہیں، ہم فقیر نہیں، کچھ لوگوں نے ہمیں فقیر بنایا ہے۔

جناب چئیرمین! میں اپنی تقریر ختم کرنے سے پہلے ایک آخری بات عرض کروں گا کہ جی ایچ کیو پرحملے کے بارے میں کل ٹی وی چینلز پر بتایا گیا کہ جو دہشت گرد زخمی حالت میں گرفتار ہوا تھا اس نے بیان دیا ہے کہ انہوں نے منصورہ میں بھی قیام کیا تھاجناب چئیرمین! میں پوری قوم کے سامنے یہ بات عرض کرتا ہوں کہ اس سے پہلے بھی ایک واقعے میں منصورہ کے بارے میں اس طرح ایک شخص کو میڈیا پر لایا گیا، میں آپ کی وساطت سے حکومت کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جماعت اسلامی کا media trial نہ کیجیے - ہم judicial trial کے لیے حاضر ہیں۔ آپ عدالت میں جائیے سپریم کورٹ کے جج پر مشتمل tribunal قائم کرتے ہیں، inquiry commission قائم کرتے ہیں، اس کے سامنے ہمیں کھڑا کیجیے - ہم بات کریں گے لیکن اس کے ساتھ ساتھ مولانا محمد خان شیرانی صاحب نے جو حقائق بیان کیے تھے ہماری آئی ایس آئی کی تاریخ، ہماری فوج کی تاریخ ، ان کو بھی اس judicial commission میں ہمارے ساتھ کھڑا کیجیے اور ہم بالکل دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کر دیں گے اور ہم نے اگر کسی جرم کا ارتکاب کیا ہے تو اس کے لیےسزا بھگتنے کو تیار ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہم نے جرم نہیں کیا اس لیے ہمارا media trial نہ ہونے دیجیے اور ہم judicial trial میں judicial commission کے سامنے کھڑے ہونے کو تیار ہیں۔شکریہ۔

جناب چئیرمین: بہت بہت شکریہ۔ سینیٹر سعیدہ اقبال۔

Senator Saeeda Iqbal: Thank you for giving me the floor. I am waiting since Friday.

Mr. Chairman: I know it. This is the reason that I have given you the floor.

Senator Saeeda Iqbal: Sir, By now, all the points have been exhausted, I need not to go into the details of what is not appreciated by our friends in the Bill and what has been appreciated because most of the things have been said. I can not even reply to the stones thrown at the Pakistan Peoples Party because you and the Co-Chairperson of the Pakistan Peoples Party will not permit me to answer that. I will make just a few submissions that there has to

be a relationship of trust between the two parties. For any sort of relationship whether it is between individuals or nations or groups and that trust has to be built up. International commitments require trust and we have destroyed that trust because we have gone through four dictatorship eras and whatever trust we had. now we have lost it. We can not regain that trust over night. We have to prove ourselves whatever conditions have been laid down in this Bill. The most important thing is that we are objecting to the oversight. Now, where were these friends of ours when during the darkness of the night, our previous president, illegal or whatever he was, he was taking dictation from the American President even without consulting his own Cabinet colleagues. And here is a government, which as soon as they came to know about the reservations of the people and the Parliamentarians, the President and the Prime Minister and you and the Speaker, they all decided to go into debate for that. That is the difference between the civilian dispensation and the military dispensation. That is what is going to bring trust between us and our government and then there is mutual trust between us, among the different departments of the Pakistan Government and the Pakistani people and the representatives of the people, that trust is going to send back a message to our international partners and whatever they are, whoever they are, there is a mutual trust of the people and the government and the governments trust their people where the people's demand must be correct and that trust will bring benefits for us.

The most important thing is that the previous president had said himself that 10 billion dollars have been diverted to the defence of our eastern border and the money was given for something else and it has not been audited. These are the words of the person himself and we all know that these are true. So, after that, that same power, that same country, that same nation is forwarding something naturally but they will put conditions on that. We are Pakistanis and we are also sensitive about the issues in Pakistan. We are sensitive about our nuclear issues. Our Quaid Shaheed Zulfiqar Ali Bhutto was the founder of this nuclear programme and I do appreciate the efforts of Mian Nawaz Sharif too and those of Shaheed Bibi but the fact is that Pakistan needs to maintain its nuclear power. Just before this debate we have completed a debate on the sugar crisis and the rising of prices of commodities. Now, on one hand we are being told that why are subsidies being withdrawn? Why are we not giving subsidies? Why are we not raising the pays? Why are we not giving employment? The infrastructure in the war torn area and for that we need money. We all agree that we need this money but we agree to disagree that we need this money on our conditions but I am sorry to say that nobody is going to give us anything on our conditions if they are giving it today.

There has been a news item in the papers that the Bill that was approved by the Senate of America was changed, the conditions were changed by the congressmen because they have said that they are the representatives of the people, they are responsible to the American people, they will do what is good for the people of America and not for the other party but we should be thankful to our own Government, to our own President, to our own Prime Minister that as soon as they heard the concern of the people and the

parliamentarians, they decided for the debate here and they have taken that up with the other party.

So, let us hope for the better and let us hope that the debate goes to some sort of conclusion which is acceptable to all of us and if our friends think that Peoples Party needs money for itself. No. We don't. We need money for this country and if it is not acceptable to them, it will not be acceptable to us, but where are we going to generate that money when we have a war torn area, as long as we are in this war. We object to the words "Muridkay and Quetta". Yes, I also would not like it. But from where do the Americans learn these words? They did not come all of a sudden from the blue. They were mentioned here. Muridkay was mentioned in Pakistan. Our children did not know where Muridkay was but now they know where Muridkay is. It was mentioned in Pakistan for the simple reason that there is a seminary and terrorists are being trained there. This is a global village and the communication gap is not so much that whatever we say here is not transmitted to America and America doesn't know it. It was us that we talked about Abdul Qadeer Khan, nobody else should have. He was made an escape goat. I don't think that the peoples Government have done it. We have never made our scientists or academicians or even our leaders escape goats. If the other people who did it, he was not responsible. There were other people who were responsible. Let us now find out, there were two young friends of ours yesterday, who talked about taking our ownself into accountability and find it out what are the wrongs here. We have been fighting a war. These terrorists are bred on our soil whoever they are, they are living in Pakistan. They are attacking Pakistan, they are attacking the different places in Pakistan. The war that was thrust by America on us was the war in 1979, when we joined the Americans and the Saudis. We tried to combat communism in Afghanistan. This is the result of that. We cannot change it overnight. We have to wait and see and we have to build up our civilian institutions, we have to build up our Army to the level that we don't need help anymore. But that time has not come as yet. That might come very soon because we are talking about so many things and we have so many differences among each other. Most of these differences are the difference for the sake of differences. So, we should forget that all and start building the economy of Pakistan. The economists feel that this money, if we get it, we should not even spend it on the schools and health sections because that is a rupee expenditure thing and what we need is to cover our defence budget and to build up our foreign currency deposits. So, that should go into that head and if at all, we get money under this Bill, it should build up, it should change the deficit budget and it should go to our foreign currency reserves. We should spend it on projects like the steel mills and like the multipurpose dams which require foreign currency, not on things which we can do with the Pakistani currency, but that is a different method now.

When we had started the debate on Friday things were different. Today things are different. Today we are saying that let us wait what the end of this debate will be, what the National Assembly will decide, what the Pakistani leadership will decide and what changes are to be brought from their side because they have themselves……

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحبہ! آپ conclude کرکیجیے۔

Senator Saeeda Iqbal: I am concluding in one sentence. They have accepted and why did the President of the United States not sign the Bill because the objection has started. I hope for the best and if at all our friends here and the people of Pakistan don't accept it, we will never insist on that. Thank you.

Mr. Chairman: Thank you. Mr. Zahid Khan Sahib.

سینیٹر محمد زاہد خان: شکریہ جناب چیئرمین! آج debate کیری لوگر بل کے اوپر ہے اور اس میں کچھ شقیں ایسی ہیں جو ہماری خود مختاری کے لئے challenge ہیں۔ اس میں language بھی ایسی ہے کہ جس کو برداشت نہیں کیا جا سکتا ہے لیکن اس کے بغیر بھی کوئی چارہ نہیں ہے کہ امداد کے بغیر ہمارا گزارا ہو۔ جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے اس موضوع پر جانا چاہتا ہوں کہ پروفیسر ابراہیم صاحب نے اپنی گفتگو کا آغاز تو اچھی طریقے سے کر لیا لیکن پھر بعد میں اس طرف موڑا جہاں حقائق اس کے برعکس ہیں۔ پہلے تو اس نے کہا کہ لیاقت علی خان کے وقت جب امریکہ کی طرف پیغام بھیجا گیا ہے اور انہوں نے invite نہیں کیا تو پھر سویت یونین کی طرف سے invitation آئی یہاں تک حقیقت ہے اور بجائے کہ وہ سویت یونین چلا جاتا وہ امریکہ گیا اور اسی دن سے ہمارا ملک امریکہ کی جھولی میں ڈال دیا گیا۔ جناب چیئرمین! یہ میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ یہاں تک تو ٹھیک ہے لیکن اس کے بعد اس نے جو بات کی ہے کہ سویت یونین کا افغانستان میں آنا اور پھر کیا ہوا اور کیسے ہوا؟ اس پر ذرا میں روشنی ڈالنا چاہتا ہوں۔ میں نہیں کہہ رہا ہوں۔ کرنل ایمان کہہ رہا ہے کہ میں پشاور میں کیپٹن تھا اور talk show میں مجھے یہ جواب دے رہا ہے تو 1974 میں مجھے message ملا کہ آپ بالاحصار کے قلعے میں آ جائیں اور آپ کو ایک بریگیڈیر کوئی message دے رہا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب میں آیا تو مجھے کچھ لوگوں کے بارے میں کہاگیا کہ ان کو آپ نے ٹریننگ دینا ہے۔ ان میں کون کونسے لوگ تھے؟ اس میں جماعت اسلامی کی لیڈر شپ تھی اور اس میں گلبدین حکمت یار تھا۔ اس میں حقائق کو کوئی بھی نہیں جانتا ہے۔ اس ملک میں اگر حقائق پر مبنی ہم بات کرتے تو شاید آج ہماری یہ صورتحال نہ ہوتی کہ ڈیڑھ ارب ڈالرز کے لئے ہم ہاتھ بھی پھیلا رہے ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ ہم لیں گے لیکن ایسے نہیں لیں گے تو یہ وہ ساری 60 سال کی غلطیاں ہیں جو آج ہمارے گلے پڑی ہوئی ہیں۔ ان غلط بیانیوں سے قوم کے ساتھ ہم نے درغ گوئی ہم نے کی اور مجھے یہ بتایا جائے کہ اس وقت تو داؤد خان وہاں بیٹھا تھا۔ وہاں تو اس وقت سویت یونین آیا ہی نہیں تھا۔ ایک نعرہ اس وقت چل رہا تھا کہ سویت یونین گرم پانیوں تک آنا چاہتا ہے۔ یہ امریکہ کا نعرہ تھا اور میرے یہ بھائی اس نعرے کو اٹھاکر لے کر جا رہے تھے۔ کیا ہوا؟ اس کے بعد جب 1977 میں گورنمنٹ ختم ہو گئی اور مارشل لاء آیا تو اس مارشل لاء کو سہارے کی ضرورت تھی کیونکہ یا تو اس نے الیکشن کرانا تھا یا اس کے ساتھ آج جو آرٹیکل 6 کی بات ہو رہی ہے ،یہ آرٹیکل لاگو ہونا تھا تو اس لئے اس کو ضرورت تھی کسی طاقت کی کہ اس کی جو regime ہے اس کو دوام ملے اور وہ آگے بڑھے۔ اس کے لیے جب Soviet Union وہاں آیا تو انہوں نے اپنا کاندھا آگے کیا اور میرے ان بھائیوں نے ان کا ساتھ دیا۔

انہوں نے مشرقی پاکستان کا ذکر کیا۔ مشرقی پاکستان میں البدر اور الشمس کس نے بنائی تھی؟ وہاں بنگالیوں کو مارا جا رہا تھا لیکن بدبختی یہ ہے کہ انہی لوگوں نے ہمیشہ مارشل لاء کا ساتھ دیا۔ آپ یحیٰی خان کا مارشل لاء دیکھیں، الشمس اور البدر انہوں نے بنائی تھیں، ان کا ساتھ دیا تھا، مشرقی پاکستان کو یہاں تک متنفر کیا کہ وہ ہمارے ساتھ نہیں رہے اور انہوں نے بنگلہ دیش بنا لیا۔ اس کے بعد ضیاء الحق آیا اور ضیاء الحق نے غلط پالیسیوں سے اس مٹی کو، اس خطے کو آگ میں جھونک دیا۔ آج جس آگ میں ہم جھلس رہے ہیں یہ وہ آگ ہے، جو میرے بھائی کہہ رہے ہیں کہ اب کیا ہوگا۔ اب کیسے ہوسکتا ہے؟ اس دن شیرانی صاحب نے بہت اچھی بات کی تھی۔ کیا اس وقت ان کو یہ خیال نہیں آیا تھا جب CIA, MI-6, اور یہودیوں کی ایجنسیاں یہاں پر آئیں ، ان کو اس وقت ضرورت تھی Soviet Union کے خلاف جہاد کرنے کی۔ آپ کی جہادی تنظیموں سے جتنے لوگ لیے تھے وہ کم پڑ رہے تھے، وہ ضرورت پوری نہیں کر پا رہے تھے، اس وقت یہ اجازت دی گئی۔ یہ کہا گیا کہ ہمیں اجازت دے دیں کہ ہم مدرسوں سے لوگوں کو depute کریں۔ اس وقت یہ کیوں خاموش تھے؟ اس وقت جو recruitment ہو رہی تھی، جو training ہو رہی تھی، موساد ادھر training دے رہی تھی، یہ اس میں شریک تھے۔ آج جس منزل پر ہم پہنچ گئے ہیں یہ سارا نتیجہ ہمارے انہی کرتوتوں کا ہے جو ہم بھگت رہے ہیں یہ ایسے اس ملک میں پھیل گیا کہ وہ ایک ناسور بن گیا ہےاب اس سے نجات بہت مشکل ہوگئی ہے۔

آپ نے دیکھا جو جی ایچ کیو میں ہوا--- یہ جب بھی کوئی بات کرتے ہیں اور پھر اس کے بعد بل میں جو ہم پر شرائط لگیں ، یہ کیوں لگیں؟ یہ وہ بداعتمادی ہے جو dictators نے دی کیونکہ زیادہ بل dictators کے دور میں آئے۔ یہ وہ بداعتمادی ہے کہ ہم نے ان سے جو وعدے کیے ان کے برعکس ہم نے کیا اور وہ ساری چیزیں ان کے سامنے آئیں۔ ضیاء الحق نے بھی وہ کیا اور پرویز مشرف نے تو انتہا کردی۔ اس لیے یہ جو شرائط ہم پر لاگو ہو رہی ہیں یہ انہی کا خمیازہ ہے جو ہم بھگت رہے ہیں۔

جناب والا! یہ ضرور ہے کہ اس بل میں جو قابل اعتراض شقیں ہیں وہ ایک sovereign state کے لیے اور اس کی dignity کے لیے درست نہیں ہیں اور کوئی بھی باشعور انسان اس کو برداشت نہیں کر سکتا لیکن یہ غلطی کس کی ہے؟ یہ غلطیاں کون کر رہا ہے؟ ہربندہ جب اٹھتا ہے تو وہ بات کرتا ہے کہ جی یہ بل غلط ہے اور موجودہ حکومت کو چاہیے کہ وہ اس کو تسلیم نہ کرے۔ ٹھیک ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے لیکن کیا جو وہ لوگ کر رہے تھے وہ ٹھیک تھا، میں کسی کا نام نہیں لوں گا، ان میں سے بہت سارے لوگ اس ہاؤس میں بیٹھے ہیں جو پہلی regime کے ساتھ بھی تھے اور دوسری regime کے ساتھ بھی تھے جس نے اس ملک کا بیڑہ غرق کیا ہے۔

ان لوگوں نے جو recruitment شروع کی تھی، جوکچھ وہ افغانستان میں کر رہے تھے، اس وقت ہم چیخ رہے تھے کہ یہ آگ افغانستان تک محدود نہیں رہے گی یہ آپ کے گلے پڑے گی۔اس وقت کوئی نہیں مان رہا تھا، کوئی بات نہیں سن رہا تھا، اب جب ہم حکومت میں آئے تو ہم نے کہا کہ اگر آپ یہ سوچ رہے ہیں کہ یہ لڑائی یا یہ آگ صرف سوات تک محدود رہے گی یا قبائل تک محدود

رہے گی تو یہ غلط ہے۔ خدارا! آپ لوگ اٹھیں اور اس پر ایک consensus develop کریں اور ان کا راستہ روکیں ورنہ پنجاب کوئی دور نہیں ہے ان کے لیے پنجاب بہت آسان ہے کیونکہ پختون پھر بھی اپنے ساتھ اسلحہ رکھتا ہے اور مقابلہ کر سکتا ہے۔ وہ لوگ ایک دوسرے سے ڈرتے ہیں لیکن اگر وہ پنجاب میں آئے تو کوئی بھی ان کا راستہ نہیں روک سکے گا۔ ایسا ہوا کہ نہیں ہوا، یہ لوگ جی ایچ کیو تک پہنچے کہ نہیں۔ ہم تو ویسے ہی جل رہے تھے - ہم چیخ رہے ہیں ، ہم لوگ کہتے ہیں کہ یہ امریکہ کی لڑائی ہے، جب امریکہ کی لڑائی تھی تو آپ کلاشنکوف اور ڈالر لے رہے تھے۔ آپ کا اپنا کاندھا Soviet Union کی جنگ میں استعمال ہو رہا تھا۔ آپ کو اس وقت ہوش نہیں تھا اور اب ہوش آرہا ہے کہ یہ امریکہ کی جنگ تھی۔ اب تو یہ آپ کی لڑائی ہے۔ امریکہ نے تو آپ کے گلے ڈال دی ہے۔ امریکہ تو اپنا مقصد پورا کرکے واپس چلا گیا اور آپ کو افغانستان میں بے یار و مددگار چھوڑ دیا ۔ اب جب دوبارہ اس کو ضرورت پڑی تو وہ پھر آیا اور آپ نے پھر اپنا کاندھا آگے کر دیا۔ اس لیے ہم کہتے تھے کہ ابتداء سے ہی ان کو چاہیے تھا کہ پالیسی اپنے ملک کے لیے بناتے ۔ آج تک کوئی پالیسی اس ملک میں اس قوم کے لیے نہیں بنی۔ دوسروں کی پالیسیوں کو ہم نے یہاں پر impose کیا۔ ہم امریکہ کی پالیسیوں کو آگےلے کر چل رہے ہیں۔ آپ جہاں بھی جائیں گے آپ دیکھیں گے اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ وہ لوگ جو اقتدار میں رہے ہیں، وہ لوگ جنہوں نے مذہب کے نام پر سیاست کی، میں کسی کا نام نہیں لے رہا ہوں، جن کے افغانستان میں تعلقات ہیں، وہ اسی طرح مجرم ہیں جس طرح ضیاء الحق تھا اور جس طرح پرویز مشرف ہے۔

آج ہمارے بچے جل رہے ہیں، آج ہمارے سکول اڑائے جا رہے ہیں، آج بازاروں میں بم پھٹ رہے ہیں، کبھی پشاور میں، کبھی شانگلہ میں اور اس میں بچے اور خواتین بھی شہید ہو رہی ہیں۔ یہ کس کی لڑائی ہے؟ یہ کیوں ہمارے گلے پڑی اس کو کون لایا؟ اس کے ذمہ دار موجود ہیں۔ جب بھی Article 6 کی بات ہوتی ہے، میں تو کہتا ہوں کہ یہ بہت اچھی بات ہے لیکن آپ ایک شخص تک محدود نہ رہیں۔ ان لوگوں کے طرف دار آج بھی ادھر بیٹھے ہیں ۔ وہ جو ضیاء الحق کے ساتھی تھے وہ آج بھی کہتے ہیں کہ افغانستان کو ہم پانچواں صوبہ بنائیں گے۔ افغانستان سے امریکہ بھاگے گا اور ہم اس پر حکمرانی کریں گے۔ یہ بدبختی ہے۔ ان کو یہ بھی نہیں پتا کہ افغانی کسی اور قوم کو، کسی بھی اور حکومت کو اپنے اوپر مسلط نہیں ہونے دیتے۔ اگر وہ Soviet Union کو نہیں مانتے، انگریز کو نہیں مانتے، امریکہ کو نہیں مانتے تو آیا میرے یہ جو بھائی ادھر بیٹھے ہوئے ہیں، جو پالیسی بنا رہے ہیں، کیا ان کو وہ برداشت کریں گے۔ یہ بات ان کو سمجھ نہیں آ رہی۔ اگر یہ بات ان کو سمجھ آجائے تو شاید یہ آگ نہ جلے۔ ہم جو آج یہ کشکول لے کر پھر رہے ہیں، یہ بھی نہ ہو اور آج ہم یہ سوچیں کہ ہم امداد نہیں لیں گے۔ آپ کے پاس تو پیسے نہیں ہیں کہ آپ IPPs کو دیں تاکہ وہ بجلی پیدا کریں اور آپ کے عوام کو بجلی ملے، آپ کے عوام کو چینی ملے، آپ کے عوام کو آٹا ملے۔ کیا آ پ کی انڈسٹری اس چیز کی متحمل ہوسکتی ہے کہ آپ market میں compete کریں۔ آپ نہیں کر سکتے۔ جب آپ بجلی آٹھ اور دس روپے فی یونٹ دیں گے تو وہ کیسے production کریں گے اور competition میں آئیں

گے۔ اس وقت ضرورت ہے کہ ہم سب مل کر حکومت کا ساتھ دیں اور امریکہ سے کہیں کہ تمام قابل اعتراض شقیں بل سے نکال دیں کیونکہ یہ ہماری sovereignty اور dignity کو challenge کرتی ہیں اور ہم اس کو challenge نہیں ہونے دیں گے۔

آخر میں، میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے وقت دیا ۔ ہمیں قوم کو حقیقت بتانی چاہیے۔ اگر ہم ساٹھ سال جھوٹ نہ بولتے تو آج ہم جس جگہ کھڑے ہیں، جس مصیبت میں پھنسے ہوئے ہیں، جس آگ میں جھلس رہے ہیں شاید یہ نہ ہوتا اور ایک اچھا اور خوبصورت پاکستان ہوتا لیکن ہمیشہ کے لیے ہم نے اپنی کرسی کو بچانے کے لیے ، اپنے اقتدار کو بچانے کے لیے اپنی قوم کا سودا کیا، اپنے ملک کا سودا کیا اور ہم آج اس مقام تک پہنچ گئے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ، زاہد صاحب۔ جی سلیم سیف اللہ صاحب۔

سینیٹر سلیم سیف اللہ خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! کہ آپ نے مجھے اس اہم موضوع پر بولنے کی اجازت دی۔ جناب والا! افسوس اس بات پر ہوتا ہے کہ حکومت وقت کو آج پریشانی ہے کہ یہاں پر کیری لوگر بل پر بحث ہو رہی ہے۔ اچھا ہے کہ آج وزیر مملکت تشریف فرما ہیں۔

جناب چیئرمین : میرا خیال ہے ہم ان سے بھی request کریں گے کہ وہ ہمیں اپنے خیالات سے نوازیں۔

سینیٹر سلیم سیف اللہ خان: اچھا ہوتا کہ اگر یہ پہلے پارلیمنٹ کو confidence میں لیتے۔ دیکھیں ہم بات تو supremacy of the Parliament کی کرتے ہیں، ہم خوبصورت باتیں تو کرتے ہیں لیکن جب ہم اس پر عمل نہیں کرتے تو پھر ہم دوسری قوتوں کو برا بھلا کہتے ہیں۔ بھائی آپ جس کا پرچار کر رہے ہیں، جس کی تبلیغ کر رہے ہیں، اس پر عمل بھی کریں۔ آپ اہم بل کو debate کے لیے لائیں۔ یہ بل کوئی اچانک تو نہیں آگیا۔ پچھلے چند ماہ سے اس پر وہاں کی سینیٹ میں بحث ہو رہی تھی۔ اس کو آپ یہاں پر لاتے، یہاں اس پر ڈبیٹ ہوتی، یہاں پر آپ کو رائے ملتی۔ اس سے آپ کو راہنمائی حاصل ہوتی۔ آج عوام کہہ رہے ہیں کہ وہاں پر بل پاس ہوگیا، ابھی اس پر بحث ہو رہی ہے۔ ہم اپنے قد میں خود کمی کرتے ہیں۔ اس پر ہم سب کو افسوس ہونا چاہیے۔ ہم تو یہاں پر اپوزیشن والے بیٹھے ہیں، آپ کی حلیف جماعتیں ایم کیو ایم، عوامی نیشنل پارٹی ، جمعیت علمائے اسلام اور دیگر پارٹیاں بھی آپ سے گلہ کر رہی ہیں کہ جی ہم سے مشورہ نہیں کیا گیا اور فیصلہ ہوگیا۔ میری صرف یہ گزارش ہے کہ اپوزیشن کو چھوڑیں کم از کم آپ اپنی حلیف جماعتوں سے تو مشورہ کریں۔ مجھے آج خوشی ہے کہ جتنی بھی حلیف جماعتیں ہیں ان کے علاوہ اور اب تو خیر حکومت وقت کو خود بھی احساس ہو گیا ہے کہ جو اس Bill کی زبان ہے۔ دیکھیں جی امریکہ کی ہسٹری، زاہد خان نے بھی کافی باتیں کیں۔ یہ تو 1950 سے چلتا آیا ہے CENTO تھا CETO وغیرہ وغیرہ اور بڈھ بیر میں بیس بنا اور بڑی خوشی ہوئی کہ جی بڈھ بیر میں روزگار ملے گا۔ بڈھ بیر میں investment ہوگی وغیرہ وغیرہ لیکن اس کے جو اثرات ہوئے وہ آپ کے سامنے ہیں۔ اس کے بعد میں صرف اتنا کہوں گا کہ چالیس سال ظاہر شاہ افغانستان

میں برسراقتدار رہا۔ ہمیشہ ہر جنگ میں چاہے وہ 65 کی جنگ تھی یا 71 کی جنگ تھی اس میں افغانستان نے openly and covertly آپ کا ساتھ دیا لیکن اس کے بعد جو وہاں پر حالات بنے اور روس کا invasion ہوا۔ آج جن کو ہم برا بھلا کہتے ہیں یہ اسامہ بن لادن کون لایا تھا۔ یہ جو آج دہشت گرد ہیں اس وقت ان کو مجاہدین کہا جاتا تھا ان کو پیسے دیئے جاتے تھے، ان کی ٹریننگ ہوتی تھی کہ یہ ہماری جنگ لڑ رہے ہیں۔ مجھے یاد ہے میں نے اس وقت امریکی سفیر Robert Oklay یہ ایک بڑا مشہور امریکہ کا سفیر گزرا ہے۔ 1990 میں جب ہم جونیجو صاحب کی کابینہ میں تھے اور مجھے اس بات پر بھی افسوس ہے کہ اتنا اہم issue ہے اور اس پر سب جماعتوں کو بلانا بھی ضروری ہوتا ہے۔ اس سے ایک تاثر یہ جاتا ہے کہ سب جماعتیں مل کر بات کر رہی ہیں۔ سب جماعتوں نے وزیراعظم کو vote of confidence دیا ہے۔ امریکہ کے سفیر کو میں نے کہا کہ ایسے لگتا ہے کہ آپ کی افغانستان میں دلچسپی ختم ہوگئی ہے۔ انہوں نے انگریزی میں فرمایا کہ not only in Afghanistan but in the region یعنی آپ کے ملک سے بھی۔ جو ہم چاہتے تھے وہ ہم نے حاصل کر لیا۔ روس کی break up ہم نے حاصل کر لی۔ ایک اور مثال میں دیتا ہوں، میرے مرحوم uncle اسلم خان خٹک صاحب اس وقت Interior Minister تھے ۔ جب ان کے Interior Minister یہاں پر آئے، انہیں وہاں پر اٹارنی جنرل کہتے ہیں، ہم Interior Minister کہتے ہیں، ان کی ملاقات ہوئی تو میرے انکل نے ان سے پوچھا جناب منسٹر صاحب اگر روس airborne Indus پر land کر لیں، خیر آباد پر اور ہمارے صوبے کو isolate کر لیں تو آپ لوگ کیا action لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اگر وہ یہ کریں گے تو We will then hurt them in Poland مطلب یہ ہے کہ یہاں پر پاکستان کا بیڑہ غرق ہوگا اور وہ پولینڈ میں اپنا بدلہ لیں گے۔ مقصد یہ ہے کہ ہر ایک کے اپنے مفادات ہوتے ہیں۔ یہ سمجھنا کہ امریکہ جو کچھ کر رہا ہے وہ پاکستان کے لیے کر رہا ہے، نہیں یہ ان کے اپنے مفادات ہیں۔

جناب والا! مجھے اس بات پر بھی افسوس ہوتا ہے کہ ہمارے upper House کے ممبران اور lower House کے ممبران جب یہ بات کرتے ہیں کہ اگر ہمیں یہ aid نہ آئی ، یہاں بجلی نہیں ہوگی، یہاں پانی نہیں ہوگا، یہ کوئی بات کرنے کی نہیں ہے۔ مجھے اس پر انتہائی افسوس ہوتا ہے کہ بھئی آپ ایسی باتیں نہ کریں، آپ تو اپنا کیس اور کمزور کر رہے ہیں۔ آپ یہ کہیں کہ ہمیں یہ امداد آتی ہے یا نہیں آتی ۔اس سے ہمیں کوئی فرق نہیں پڑتا ۔ جناب چیئرمین پچھلے مہینے آپ کے پاکستانیوں نے آٹھ سوبلین ڈالر بھیجا۔ اس کو آپ ایک بلین تک لے جا سکتے ہیں۔ اس کو آپ ڈیڑھ بلین ہر مہینے تک لے جا سکتے ہیں۔ ہمیں وسائل کی کوئی کمی نہیں ہے،صرف management کا فقدان ہے۔ اگر proper management ہو تو سب کچھ بہت ہے۔ یہ بات کرنے سے آپ اپنے کیس کو کمزور کر رہے ہیں کہ جی اگر ہمیں یہ نہ دیا گیا تو ہمارا گزارا کیسے چلے گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات بالکل نہیں ہے۔ اس وقت اگر آپ کو ضرورت ہے تو امریکہ کو آپ سے زیادہ آپ کی ضرورت ہے۔ آج پارلیمنٹ بھی آپ کے ساتھ ہے۔ میرے صوبے میں reconstruction zone کی بات ہو رہی تھی۔ کہاں پر ہیں وہ، zone کا تو ذکر ہی نہیں آیا۔ کہاں ہے وہ ROZ جو پچھلے پانچ سال سے ہم سن رہے ہیں کہ آرہا ہے، آرہا ہے، آرہا ہے۔ پتا نہیں پیدل آرہا ہے، سائیکل پر آ رہا ہے کیسے آ رہا ہے۔

جناب والا! اس دن میں ٹی وی پر دیکھ رہا تھا کہ بارک اوباما بیٹھا ہوا ہے، نائب صدر ساتھ بیٹھا ہے، بل گیٹس بھی بیٹھا ہوا ہے، سیکورٹی والے بیٹھے ہوئے ہیں اور ساتھ جرنیل بھی بیٹھے ہوئے ہیں۔ ان کے جنرل بھی بیان دیتے ہیں۔ کیا ان کے جنرل نکلسن نے بیان نہیں دیا کہ آپ اگر افغانستان میں فوج نہیں بھیجیں گے تو افغانستان آپ کے ہاتھ سے نکل جائے گا۔ اس لیے آرمی بھی آج ہماری جنگ لڑ رہی ہے۔ آج اگر وہ مالاکنڈ میں نہ ہوتے ، آج میرے صوبے میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ ہمیں پتا ہے، اگر افواج پاکستان نہ ہوتی تو آج عام آدمی کیسے ان دہشت گردوں کا مقابلہ کر سکتا تھا۔ وہ بھی ایک stake holder ہے اور ان سے اگر بارک اوباما جو elected president ہے مشورہ کر سکتا ہے تو ہمیں بھی ان سے مشورہ کر لینا چاہیے ۔ اگر آئی ایس پی آر کا بیان نہ آتا جو آپ کے سامنے ہے۔ اس لیے میرے خیال میں مشورہ کرنا انتہائی ضروری ہے۔

جناب والا! ایک تو یقیناً مجھے خوشی ہے کہ حکومت وقت نے خود پارلیمنٹ اور عوام کا مزاج دیکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا ہے کہ جو شقیں اس میں مرید کے کا ذکر، کوئٹہ میں شوریٰ بیٹھی ہوئی ہے پتا نہیں میں تو پرسوں تین دن وہاں رہ کر آیا ہوں۔ وہ شوریٰ کہاں پر ہے، کہاں پر بیٹھی ہے شاید ان کو زیادہ بہتر پتا ہے۔ اس قسم کی شقیں کہ جی ہم nuclear proliferation کرتے ہیں ساری دنیا کا ملبہ ، جو گند ہے یہ ہم پر گرا دیا گیا ہے۔ ہمارے لوگ روزانہ شہید ہو رہے ہیں۔ پشاور میں پچپن بچے، خواتین جو شانگلہ میں ہوا، سارا ملبہ ہم پر ہے الٹا آپ ہم پر اس قسم کی شقیں ڈال رہے ہیں جیسا کہ ہمارے پڑوسی ملک نے ان کو کہا ہو۔

جناب چیئرمین! میری ان سے یہ گزارش ہے کہ اس پر پوری قوم حکومت کے ساتھ ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ بڑے واضح الفاظ میں اپنی ناراضگی کا اظہار کرے۔ میں تفصیل میں نہیں جانا چاہتا وہ آپ سب کے علم میں ہے کہ یہ conditionality ہمیں منظور نہیں ہے۔ اس میں فوراً تبدیلی لائی جائے ۔ جناب چیئرمین ! میں تو یہ بھی کہوں گا کہ جو ہمارا سفیر واشنگٹن میں بیٹھا ہوا ہے اس کو بھی یہاں پر بلائیں۔ کافی انہوں نے مزے کر لیے، ذرا یہاں پر آئیں اور ہماری Foreign Affairs Committee کے سامنے پیش ہوں۔ نیشنل اسمبلی کی Foreign Affairs Committee کے سامنے پیش ہوں اور ہمیں بتائیں کہ وہ کیا مجبوریاں تھیں، وہ کیا محرکات تھے جن کی وجہ سے آپ بار بار ٹی وی پر آرہے ہیں کہ بھئی یہ تو کمال ہوگیا، یہ تو یہ ہوگیا یہ تو وہ ہوگیا۔ شاید اس وقت انہوں نے زبان نہیں پڑھی تھی یا یہ بعد میں add ہوئی، یقیناً ان کو فوری طور پر، اگر ہمارا وزیر خارجہ روزانہ وہاں جا سکتا ہے تو وہاں کا سفیر، سرکاری خرچے پر آئے گا، کوئی یہ نہیں کہ اپنے خرچے پر آئے گا وہ بھی یہاں پر آئے اور ہماری کمیٹی کے سامنے پیش ہو۔ ہمیں بتایا جائے کہ یہ کیسے ہوا اور کیوں ہوا۔ جیسے نیشنل اسمبلی میں بھی demand آئی ہے کہ it is about time that action should be taken against that ambassadorآپ نے پورے ملک کےستر ہ کروڑ عوام کی توہین کی ہے۔اس کے آپ اور آپ ہی ذمہ دار ہیں۔ میرے خیال میں ان کے خلاف ایکشن لیا جائے۔ شکریہ ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ ڈاکٹر خالد محمود سومرو صاحب۔ اچھا میں اپنے honourable members کو ایک اطلاع کر دوں۔ I am going according to the decisions of the advisory committee. اس کے بعد time بچے گا توجن ممبرز کے نام پہلے نہیں آئے ہوئے ان کو بھی میں انشاء اللہ موقع دوں گا ۔ مجھے لگ رہا ہے کہ کل بھی ہم اس پر debate کریں گے۔تو Let me finish the names of the honourable members جن کا advisory committee کے مطابق حق بنتا ہے۔ اس کے بعد ان کو موقع ملے گا۔جی۔

سینیٹر ڈاکٹر خالد محمود سومرو: اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ (عربی) اللہ رب العزت فرماتے ہیں جن لوگوں نے کہا ۔ اللہ ہمارا رب ہے پھر انہوں نے استقامت کا مظاہرہ کیا اس کے اوپر میری رحمت نازل ہوگی ۔ رحمت کے فرشتے ان کے ساتھ ہوں گے اور اگر کوئی تکلیف کا کوئی موقع آئے گا تو میں ان کی مدد کروں گا اور آخرت میں ان کو جنت الفردوس میں جگہ ملے گی۔ یقیناً حالات مشکل ہیں اور پھر ہمارے لیے ہی نہیں، پوری امت مسلمہ کے لیے حالات مشکل ہیں عددی حوالے سے اس وقت دنیا میں مسلمان تھوڑے نہیں ہیں ۔اس وقت پوری دنیا میں ڈیڑھ ارب مسلمان ہیں۔ ایک ارب کے قریب ایشیاء میں ، چارسو ملین افریقہ میں،چوالیس ملین یورپ میں، چھ ملین امریکہ میں، اور اگر ہم عددی حوالے سے تقابلی جائزہ لیں تو ایک ہندؤ کے مقابلے میں دو مسلمان ہیں اور ایک یہودی کے مقابلے میں ایک سو مسلمان ، اتنی بڑی عددی اکثریت کے باوجود ہم بے وقعت کیوں ہیں؟ کمزور کیوں ہیں؟ اور ہم نے سب کے سامنے کاسہ گدائی کیوں پھیلایا ہوا ہے۔ اس مصیبت سے،اس ذلت سے ہم کس طرح جان چھڑا سکتے ہیں ، اگر ہم مل بیٹھیں اور حقائق کا ادراک کرلیں تو ہم حالات پر کنٹرول کر سکتے ہیں اورقعرمذلت سے جان چھڑا سکتے ہیں۔اس وقت OIC میں تقریباً ۵۷ رکن ممالک ہیں۔ آپ دیکھیں تعلیم کے حوالے سے ہمارا کیا حشر ہے۔تمام مسلمان ممالک میں مجموعی طور پر Total 500 universities ہیں اور اس کے برعکس صرف امریکہ میں 5758 یونیورسٹیاں ہیں۔صرف ہندوستان میں 8405 یونیورسٹیاں ہیں اور پھر حیرانگی کی بات یہ ہے کہ ہماری مسلمانوں کی جو یونیورسٹیاں ہیں جو پوری دنیا میں 500 بنتی ہیں ان میں سے ایک بھی ایسی نہیں ہے جو اعلی معیار کے مطابق ہو ، تعلیم کے میدان میں بھی ہم سب سے پیچھے ہیں ۔اقوام متحدہ کا جو ادارہ UNDP ہے ان کے سروے کے مطابق عیسائیوں میں شرح خواندگی 90% ہے اور عیسائیوں کے 15 ممالک ایسے ہیں جہاں پر شرح خواندگی سو فیصد ہے اور اس کے برعکس مجموعی طور پر پوری دنیا میں جو مسلمانوں کے ہاں شرح خواندگی 40% سے بھی کم ہے۔ آپ پوری دنیا کے مسلمانوں کا جائزہ لیں تقریباً دس لاکھ مسلمانوں میں 230 سائنس دان ہیں ۔امریکہ میں دس لاکھ پر چار ہزار سائنس دان ہیں جاپان میں دس لاکھ پر پانچ ہزار سائنس دان ہیں ۔ یہ سائنس اور ٹیکنالوجی کا زمانہ ہے ۔ہمیں آگے بڑھنا چاہیے اور ٹیکنیکل لوگ ہمارے پاس بہت ہیں ۔دس لاکھ پر ہمارے پاس صرف پچاس وہ لوگ ہیں جو ٹیکنالوجی کے فن کے ماہر ہیں ۔جب کہ عیسائیوں کے پاس دس لاکھ میں ایک ہزار سے زیادہ ہیں۔ تعلیم اور

ریسرچ پر امت مسلمہ والے مسلمان جو خرچ کر رہے ہیں وہ تقریباً 0.2 % سے بھی کم ہے ۔ جب اس پر عیسائی دنیا 5% سے زیادہ خرچ کر رہی ہے -OIC کے رکن ممالک کی سالانہ مجموعی قومی پیداوار،GDP کھرب ڈالر سے بھی کم ہے۔جبکہ امریکہ سالانہ بارہ کھرب ڈالر کا روز گار پیدا کر رہا ہے۔ چین سالانہ آٹھ کھرب ڈالر کا روز گار پیدا کر رہا ہے ۔جاپان سالانہ 3.1 کھرب ڈالر کا روز گار پیدا کر رہا ہے۔جرمنی سالانہ 2.4 کھرب کا روز گار پیدا کر رہا ہے ۔ مسلمان ممالک جو تیل کی دولت سے مالا مال ہیں۔ سعودی عرب ،متحدہ عرب امارات ،کویت ، قطر ، وہ بھی سالانہ 500 ارب ڈالر سے زیادہ روزگار پیدا نہیں کر سکتے ۔ یہ امت مسلمہ کے لیے ایک لمحہ فکریہ ہے ۔

جہاں تک اس موجود ہ بل کا تعلق ہے جس پر بات ہو رہی ہے ،میں اپنی حکومت کو اورخاص طور پر صدر مملکت اور پرائم منسٹر صاحب کو مبارکباد دیتا ہوں کہ اس بل پر بات چیت کی اجازت ملی ہے ۔پہلے کسی کو اجازت نہیں ہوتی تھی اور گزشتہ دور کا ڈکٹیٹر کہتا ہے کہ جو کچھ میں نے کیا وہ میں نے انفرادی طور پر کیا ۔ یہ اچھی بات ہے کہ جب تجاویز سامنے آئیں گی تو اپنی اصلاح کا سامان ہوگا اور اللہ رب العزت کا حکم بھی یہی ہے کہ (عربی) اس بل پر بات ہو رہی ہے یہ خوش آئند چیز ہے ۔یقیناً اس پر کوئی شک نہیں ہے کہ یہ بل ملکی وقار کے خلاف ہے ۔امریکی کانگریس کے بل سے یہ کیری اور لوگر نامی سانپ نکلے ہیں ۔ یہ بالکل اسی طرح جس طرح فرعون کے دربار میں حضرت موسی کے مقابلے میں انہوں نے سانپ چھوڑے تھے لیکن حضرت موسی کی لاٹھی نے ان سب کو ہضم کر لیا تھا انشاء اللہ بحث کے بعد یہاں کے تمام مسلمان اور یہاں کے تمام ساتھی پارلیمنٹ کے ارکان ، تمام جماعتوں کے ذمہ دار انشاء االلہ ان کی سازشوں کو مل کر ناکام بنائیں گے ۔میں مانتا ہوں کہ اس میں جو شرائط عائد کی گئیں ہیں وہ ملکی وقار کے خلاف ہیں یہ بھی اچھی چیز ہے کہ ہماری حکومت نے اس چیز کا احساس کیا ہے اور وزیر خارجہ کو بھیجا گیا ہے کہ اس قسم کی شرائط کو نکال دیا جائے ۔میں سمجھتا ہوں کہ ہم امداد کے بغیر بھی چل سکتے ہیں اگر وسائل کا صحیح استعمال ہو ۔اللہ رب العزت نے ہمیں بہت کچھ دیا ہے اور اگر ہمارے حکمران اور ہمارا صاحب ثروت طبقہ جن کو اللہ نے بہت کچھ دیا ہوا ہے ، اگر وہ اپنے اثاثے یہاں اپنے ملک کے اندر لے آئیں اور قیام پاکستان سے لے کرآ ج تک جن لوگوں کو اربوں کھرب روپے کے قرضے معاف کیے گئے اگر ان سے واپس لیے جائیں ۔میں سمجھتا ہوں ہم اپنے پاؤں پر کھڑے ہو سکتے ہیں اور ہمیں کسی سے امداد لینے کی ضرورت نہیں پڑے گی کرپشن پر اگر کنٹرول کیا جائے ۔میں سمجھتا ہوں ہم اپنے ملک کو بہتر خطوط پر چلا سکتے ہیں ۔

میں نے اس بل کو پڑھا ہے مثلاً جس طرح ابھی سلیم صاحب نے کہا کہ پوری دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ ملبہ ہمارے اوپر ڈالا جا رہا ہے ۔آپ افغانستان میں کچھ نہیں کریں گے آپ انڈیا میں کچھ نہیں کریں گے ۔گویا ہم اب تک سب کچھ کرتے رہے ہیں ۔آپ یہ بھی بند کریں گے اور اگر پھر ہم نے اس کیری لوگر بل کے مطابق امداد لی تو کل وہ کہیں گے کہ فلاں فلاں علاقوں میں دہشت گرد موجود ہیں ۔ آپ کارروائی کریں ہمیں آنکھیں بند کرکے وہاں پر کارروائی کرنی

پڑے گی وہ کہیں گے کہ آپ کا فلاں جرنیل جمہوری عمل میں، سیاسی عمل میں ، عدالتی عمل میں مداخلت کر رہا ہے ۔ اس کو ہٹانا پڑے گا اور پھر ہماری فوجی قیادت وہ مقرر کرنی پڑے گی جن کا انتخاب ہم نہیں کریں گے ۔امریکہ بہادر کرے گا ۔میں سمجھتا ہوں یہ ذلت آمیز شرائط ہیں اور ہمیں صاف انکار کر دینا چاہیے کہ ہم ان شرائط کو قبول نہیں کرتے ۔ذلت کی زندگی سے عزت کی موت بہتر ہے ۔ دو بندوں نے یہ بل بنایا ہے جان کیری اور رچرڈ لوگر ۔ جان کیری کے بارے میں میں نہیں جانتا لیکن یہ رچرڈ اور لوگر ، رچرڈ وہ ہے جس جرنیل کو سلطان صلاح الدین ایوبی رحمتہ اللہ نے بیت المقدس کی دیوار کے باہر ذلت آمیز شکست دی تھی اور لوگر ہٹلر نے جب زمین کو چاٹتا تھا اور جس بستر پر خوش کشی کی تھی ۔اس کا نام لوگر تھا ۔یا تو آپ رچرڈ کی طرح ذلت آمیز شکست کو قبول کریں یا لوگر سے خود کشی کر لیں۔ اگر آپ اس بل کو قبول کرتے ہیں تو آپ کو ملک کی فکر کرنی ہو گی۔ ہمیں مل کر ان ذلت آمیز شرائط سے انکار کر دینا چاہیے اور عزت کے ساتھ ، وقار کے ساتھ اپنی پالیسیاں بنا دینی چاہییں۔ اللہ تعا لیٰ ہمارا حامی اور مددگار ہوگا ۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صفدر عباسی، ڈاکٹر صاحب آپ آج بات کریں گے یا کل بات کرنا پسند کریں گے۔ کل بھی debateچلے گی۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: جناب ! کل بات کروں گا۔

جناب چیئرمین: شاہ صاحب بھی کل کریں گے، آپ بھی کل کریں۔ جی ملک صاحب آپ کچھ فرمانا چاہتے ہیں ، ملک صاحب کو سنیں۔

نوابزادہ ملک عماد خان(وزیر مملکت برائے خارجہ امور): شکریہ۔ جناب چیئرمین! گزارش یہ ہے کہ میں دونوں Housesمیں آتا جاتا ہوں تو مجھے وہاں بھی جانا ہے۔

جناب چیئرمین: جی ضرور۔

نوابزادہ ملک عماد خان: جناب! As such میرا کوئی ارادہ نہیں تھا debate میں حصہ لینے کا یا بولنے کا لیکن کچھ comments ایسے ہوتے ہیں کہ وہ سن کر بولنا ذرا ضروری ہو جاتا ہے۔

Mr. Chairman: Then the Foreign Minister is returning. I hope, he will come and conclude the debate.

Nawabzada Malik Amad Khan: Most likely sir, the Foreign Minister himself will be here.

Mr. Chairman: O.K. Yes, please.

Nawabzada Malik Amad Khan: In response to what was discussed today I would just like to respond few points.

جناب ! بات یہ ہے کہ یہاں ہم اسلام اور کفر کی جنگ نہیں لڑ رہے۔ Let us look at the ground realities. ابھی اگر لوگر کا ذکر ہوا تو پھر یہ بھی ہے کہ G3 رائفل جو پاک فوج استعمال کرتی ہے اور میں نے بھی دس سال فوج کی وردی پہنی، وہ بھی جرمنی سے آئی تھی۔ یہ debateبڑی wideہو سکتی ہے۔ آپ قرآن کا ذکر کرتے ہیں، ہزار اور چیزوں کا ذکر کر سکتے ہیں۔ میں بھی ۱۹۴۷سے شروع کر سکتا

ہوں۔ ۱۹۵۸ سے بات شروع کر سکتا ہوں۔ ۱۹۷۷سے کر سکتا ہوں، ۱۹۹۹ سے کر سکتا ہوں۔ But I will just confine myself to the present circumstances.جناب گزارش یہ ہے کہ یہاں بہت بات کی گئی ، President's foreign toursکے بارے میں، شاہ محمود صاحب کے foreign visitsکے بارے میں، Ambassador Haqqani, Foreign Ministry.کے بارے میں، سب سے پہلے میں آپ کو یہ بتاؤں
Whether it is the President of Pakistan, whether it is the Prime Minister of Pakistan, whether it is the Foreign Minister of Pakistan or myself in my own member capacity
جہاں بھی ہم جاتے ہیں ہم ملک کا جو بھی case ہوتا ہے اس کو بہت اچھی طرح سے representکرتے ہیں اور national interest ہمارے لئے سب سے بالا ہے۔ اس کے ساتھ ہی یہ میں کہوں گا کہ جہاں تک سفیر حقانی صاحب کا تعلق ہے اس میں Kerry Lugar Bill کو speed upکرنے میں، وہاں امریکہ میں Legislation کافی complicated affair ہوتا ہے۔ اس میں بہت سارے lacunae ہٹانے میں ان کا رول تھا۔ وہ ماضی میں بھی سفیر رہ چکے ہیں۔ He has been an able Ambassador. تو ایک undue criticismہے، ٹھیک ہے، Reservations ہر کسی کی ہو سکتی ہیں۔ ہر پارٹی کا ایک اپنا view pointہو سکتا ہے، ہر individualکا بھی ایک اپنا view pointہو سکتا ہے تو undue criticism میں ایک بندے کو رگڑنا مناسب نہیں ہے۔ Let us just talk on facts and logic.

جہاں تک criticismکی بات ہے، ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ایک statementاگر آئی تھی U.S.A.کی طرف سے کہ Pakistan should do moreیا اگر آتی تھی کہ آپ کی agenciesیا فوج یا government functionariesکچھ صحیح نہیں کر رہے، ایک criticism شروع ہو جاتی تھی کہ جی وہ کون ہیں ہمیں بتانے والے۔

دوسری eventuality ایک یہ ہے کہ آپ دیکھتے ہیں کہ appreciateکیا جاتا ہے کہ democracy is secure in Pakistan, or یا democracy prevailed in Pakistan یعنی کہ جو ایک favourable اپنا وہ view دیتے ہیں ، اسی پہ بھی criticism شروع ہو جاتا ہے۔ آپ بک گئے ہیں اس لیے وہ آپ کو appreciateکر رہے ہیں۔ nuclear assets are secure in Pakistan

تیسرا scenarioیہ ہے کہ خاموشی، کہ نہ وہ کچھ کہیں اور نہ آپ کچھ کہیں، اس scenarioمیں الزام لگتا ہے کہ یہاں پر آپ irrelevantہو گئے ہیں۔ جناب والا! میں نے تینوں scenariosآپ کے سامنے پیش کر دیئے تو تینوں میں سے آپ کیا adoptکریں گے۔ کوئی ایک تو آپ نے adoptکر نا ہے اور یہ تینوں criticismsہیں۔ But now I will just come to the enhanced partnership Kerry Lugar Billجس کی بات ہو رہی ہے۔ جب partnership enhancement کی بات ہوتی ہے تو ساتھ ہی long term involvementکی بھی بات ہوتی ہے۔
Obviously, when you talk of enhancement of ties, they do intend to have a long term relationship.
تو long term relationship جب ہوگی تو ان کی active involvement بھی ہو گی، انکی یہاں presenceبھی ہو گی۔ اکثر issue raise کیا جاتا ہے کہ Embassy increase ہو گی، یہ ہوگا، وہ ہو گا۔ میں کسی کے caseکو defendنہیں کر رہا۔ میں اگر وکیل

ہوں تو آپ کا وکیل ہوں، اسی ملک کا وکیل ہوں، اپنی وزارت کا وکیل ہوں لیکن it is a fact کہ جہاں پر long term engagement ہو گی تو وہاں presence ہو گی۔

جناب ! یہاں کشکول کے حوالے سے ایک بات ہوئی کہ کشکول تو شروع سے ہمارے پاس تھا۔ ہم پہلے دن سے کشکول لے کر پوری دنیا میں پھر رہے تھے۔ ابھی یہ conditionکیوں ہے ، پہلے یہ conditionکیوں نہیں تھی۔ جناب والا! بات یہ ہے کہ موجودہ Global scenario کیا یہ 60s میں تھا؟کیا یہ .70sمیں تھا؟ کیا یہ .80sمیں تھا؟ جناب ! مجھ سے زیادہ ہر کوئی یہ بات کر چکا ہے کہ یہ جو scenarioہے یہ افغان جنگ کے بعد کا scenarioہے یعنی terrorismکا ایک conceptہے جہاں سے بھی آئے، جس میں آپ کے گلے ڈالے لیکن ایک ground realityہے کہ آج ہمیں ان کا سامنا کرنا پڑھ رہا ہے۔ پوری دنیا کو ، خصوصاً پاکستان کو، تو ظاہر ہے کہ ابھی ایک چیز اگر 50s میں ہوئی ہے، 60s میں ہوئی ہے ، .70sمیں ہوئی ہے تو اس طرح specific mentionنہیں ہوتا تھا اور ساتھ ہی proliferationکی بات بھی ہوئی۔ جہاں تک کہ proliferation کی بات ہے تو یہ بھی جو conceptہے یا اس پہ آواز اٹھتی ہے یا ایک جو issueبنا ہے، یہ بھی پچھلے دس پندرہ سال کی developmentہے۔

Hence it was not there in the Bills which were passed in the 50s or 60s.

اور اس کے ساتھ ہی میں یہ بھی کہوں گا کہ ایک جو pro-active mediaہے ، چاہے پاکستان میں ہے یا International, اس کا بھی ایک رول ہے۔ میں یہ نہیں کہہ رہا کہ یہ کوئی negative role ہوتا ہے مگر دنیا کو awareکرنے میں اس کا ایک رول ہوتا ہے۔ اس کا ایک positive fall outبھی ہوتا ہے اور ایک negative fall out role بھی ہوتا ہے۔ کل ہی میں صدر زرداری کے ساتھ موجود تھا وہ خود ہی یہ فرما رہے تھے کہ9/11کے بعد کا جو scenarioہے یہ تو سب Fox News نے ایک issue بنا کر امریکہ کے سامنے case رکھا۔ وہی اگر کہہ دیتے تھے کہ ten terrorists carry out such and such act وہ ایک الگ scene ہو جاتا مگر وہی جو ایک میڈیا چینل سرکل وہ کہہ رہا ہے U.S. attack, U.S. attackتو اس کی picture ہی الگ ہو گئی۔ تو definitely آج کل کے زمانے میں جب میڈیا اتنی activeہے ۔ اتنے لوگوں کو accessہے to print media, electronic media. So, it is the major opinion maker. تو یہ چیزیں hype up بھی ہوتی ہیں اور کبھی کبھی out of proportion بھی ہو جاتی ہیں لیکن ہمارا یہ فرض بنتا ہے کہ we should go into the details of all those things اور ہر چیز کو طریقے سے دیکھیں۔

جناب ! اس میں جو بات ملٹری کی chain of command کی آ جاتی ہے Pakistan Army is a very responsible army. Armed Forces کا جو ایک legitimate role اور جو ملک کے لئے خدمات ہیں تو اس کے لیے ذرا control کریں تو میں خود ہی یہ کہوں گا because میں نے دس سال خود وردی پہنی ہے۔ سلیم سیف اللہ صاحب تشریف لے گئے ہیں، میرے بزرگ ہیں۔ میں ان کی بہت عزت کرتا ہوں اور ان کو اچھی طرح پتا بھی ہے کہ یہ میں نے کس وجہ سے چھوڑی تھی۔ He knows about that. میں نے کسی issueپہ principle standلیا تھا۔ That was the personal issue.

(interruption)

Nawabzada Malik Amad Khan: That will be done by the Foreign Minister.

Senator Muhammad Ishaq Dar: He is not a member of this House.

جناب چیئرمین: میرے خیال میں آپ نے اپنے خیالات کا اظہار کر دیا ہے۔

(interruption)

جناب چیئرمین: جواب نہ دیں تو اچھا تھا۔ بتا دی بات آپ نے جو کر نی تھی ۔ اب آپ wind upکر یئے گا۔

Nawabzada Malik Amad Khan: I am just discussing the Bill.

Mr. Chairman: Take just two minutes, please.

نوابزادہ ملک عماد خان: جناب میں اس میں ایک گزارش کرنا چاہوں گا کیونکہ قریشی صاحب اس وقت out of countryہیں تو پھر جناب criticism آ رہی تھی تو اس حوالے سے میں کچھ گزارشات کرنا چاہتا تھا۔ میرا کوئی لمبی چوڑی debate میں حصہ لینے کا مقصد نہیں تھا۔ In the end, میں یہی کہنا چاہتا ہوں کہ no doubt Opposition کا ایک constructive role ہو تا ہے یعنی کہ اس میں کوئی ایسی conditionalities definitely نہیں ہیں لیکن جب آپ اس کو دوسرے angle سے دیکھتے ہیں تو وہ غلط لگتی ہیں۔ ہماری regime کی کوشش ہے کہ جو divergence of views کو آپ convergenceپہ لے آئیں۔ اسی لئے جس طرح Prime Minister Sahibنے یہاں فرمایا کہ debateکی جائے گی۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔ Let the debate go on.

Nawabzada Malik Amad Khan: There would also be a debate. All political parties will be brought on board.

یہ میں clearکرنا چاہتا ہوں کہ our Government, the President, the Prime Minister, Foreign Minister, our Ambassadors, our Embassiesساروں کا جو رول ہے وہ یہی ہے کہ ہم پاکستان کے interestکو سب سے بالا رکھنا چاہتے ہیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ ۔ سینیٹر عابدی۔

سینیٹر سید فیصل رضا عابدی: جناب قابل احترام چیئرمین! موضوع ہےKerry Lugar Bill لیکن اس منظر کے پیچھے ایک پس منظر بھی ہے۔ اگر آپ پس منظر کو حقیقت کی نگاہ سے دیکھنا چاہیں تو آپ ۲۷ دسمبر ۲۰۰۸ء کو ہماری قائد کی شہادت کے بعد وہ حالات و واقعات جو پاکستان میں رونما ہو رہے تھے، خصوصاً صوبہ سندھ میں جلاؤ گھیراؤ کی تمام چیزیں سامنے تھیں اور پاکستان شدید خطرے کی لپیٹ میں تھا۔ اس وقت ۲۹ دسمبر کو مرد آہن نے ایک نعرہ بلند کیا، 'پاکستان کھپے'۔ یہ دومحض لفظ نہیں تھے۔ یہ پاکستان کی سالمیت اور اس کے استحکام کی ضمانت تھی اور مجھ جیسے وہ لوگ جو اس وقت لاڑکانہ میں موجود تھے، وہ سینکڑوں عہدیدار جانتے ہیں کہ دو راتیں جاگ کر کس طرح ان

ہنگاموں اور سازشی عناصر کو نیست و نابود کیا گیا جو پاکستان توڑنا چاہتے ہیں۔ اس میں سب سے اہم چیز یہ ہے کہ پچھلے بارہ سال کے زخموں پر جس طرح اس مرد آہن نے مرہم رکھا اور ان تمام مرہموں کو رکھنے کے لیے اس نے جو کردار ادا کیا اور ان تمام چیزوں کو وہ ایک مفاہمانہ پالیسی کی صورت میں سامنے لایا تو وہ یہ جانتا تھا کہ پاکستان کو اس وقت ایک قوم بننے کی ضرورت ہے۔ جو حالات اور واقعات ہمارے سامنے تھے، وہ اس ملک کے لیے خطرہ تھے۔ وہ اس ملک کی سالمیت کو نقصان پہنچانا چاہتے تھے۔ اس میں تمام جماعتوں کا کردار قابل فخر ہے۔ ہماری قائد کی شہادت پر میاں نواز شریف کا زار و قطار آنسو بہانا بھی قابل فخر ہے۔ مولانا فضل الرحمن کی وہ باتیں جو ہماری قائد کی شان میں بیان کی گئیں، اسفند یار ولی صاحب کا کردار اور تمام سیاسی جماعتوں کے اکابرین کا کردار ہمارے لیے قابل فخر بنا اور ہمیں عینیت دے گیا کہ ہم ان تمام زخموں پر مرہم رکھتے ہوئے اپنے کردار اس طرح ڈھال دیں کہ پاکستان ایک قوم بننے کی طرف جائے۔ اخلاقیات کا درس دینے والے گزشتہ ڈیڑھ سال سے یہ بھول گئے کہ اخلاقیات کے زمرے میں سب سے اہم ترین کردار ہی صدر مملکت کا ہوتا ہے۔ کبھی خوش پوش بھکاری کہا گیا، کبھی کشکول اٹھائے ہوئے فقیر کہا گیا، کبھی جاہل کہا گیا لیکن ہم نے صبر کا مظاہرہ کرتے ہوئے آج تک اس نکتے پر اپنے آپ کو کھڑے رکھا، جو پاکستان کی سالمیت کا ضامن بنا۔ کروڑوں کارکنان کے قائد کو تنقید کا نشانہ بنانے کی آخر کیا وجہ تھی؟ وجہ صرف یہ تھی کہ ہم نے مشکل حالات میں پاکستان کی کمان سنبھالی۔ جب پاکستان ایسے حالات میں تھا کہ نہ معیشت ٹھیک تھی، نہ ہی کوئی ایکسپورٹ تھی،۔ بےشک بھیک نہیں مانگنی چاہیے، بے شک کشکول نہیں اٹھانا چاہیے لیکن مساجد کو تعمیر کرتے ہوئے بھی تو کچھ مانگا جاتا ہے۔ ہسپتالوں کی جب تعمیر کی جاتی ہے تو اس وقت سڑکوں پر کشکول اٹھایا جاتا ہے۔ ہم نے تو ایسا نہیں کہا۔ ہم تو صرف یہ چاہتے ہیں کہ پاکستان مضبوط ہو اور پاکستان کی مضبوطی صرف اس صورت میں ممکن ہے کہ نہ ہم پنجابی ہوں، نہ پختون ہوں، نہ بلوچی ہوں، نہ پٹھان ہوں، نہ اردو بولنے والے نہ کشمیری، ہم پاکستانی اور صرف پاکستانی بنیں۔

اس تباہ حال معیشت میں یہ bill جب سامنے آیا، میں اور آپ یا پاکستان کا کوئی بھی فرد جب کار یا کریڈٹ کارڈ لینے کے لیے بینکوں میں جاتا ہے تو ہم نے کبھی نہیں کہا کہ یہ شرائط کیا ہیں، کس لیے ہیں کیونکہ ہمارا مفاد ہوتا ہے لیکن جب ایسی شرائط ہمارے ملک کے سامنے آئیں تو اب یہ کہنا ہی قبل از وقت ہو گیا ہے، جب صدر مملکت، وزیر اعظم اور تمام وزراء نے اس چیز پر واضح اظہار کیا کہ تمام جماعتوں کی consensus سے اس billکو لے کر چلیں گے اور پاکستان کے مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے اس bill کو final کریں گے۔ پاکستان کے کردار سے دنیا محفوظ ہو گئی۔ تمام دنیا کے لیے پاکستان ایک ڈھال بن گیا اور وہ ڈھال آج تمام اقوام عالم کو محفوظ کر رہی ہے۔ میں رحمٰن ملک صاحب کے سنگاپور میں خطاب کو خراج تحسین پیش کروں گا۔ انہوں نے یہ کہا کہ پاکستان میں ہر دن ایک نئی development ہوتی ہے اور اسے دنیا نے مانا۔ اگر آج پاکستان نہ ہوتا تو یہ خطرات تمام دنیا میں پھیل چکے ہوتے۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ دنیا کی اس جنگ میں اور درحقیقت اس دنیا کو محفوظ کرنے میں افواج پاکستان کے کردار کو

سلام ہے۔افواج پاکستان سے ہی یہ جنگ جیتی جا رہی ہے اور اس میں دنیا کی کسی فوج کا کوئی عمل دخل نہیں ہے اور اسے انتہائی کامیابی کے ساتھ ہمکنار کیا جا رہا ہے لیکن ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ سرحد، بلوچستان، پنجاب اور سندھ میں یہ تمام واقعات رونما ہوئے۔ اس میں پاکستان کا قیمتی سرمایہ ضائع ہوا۔ اس میں پاکستان کے قیمتی معمار ضائع ہوئے۔ جس طرح مولانا شیرانی صاحب نے حمید مجید کی مثال دی تھی، میں بھی ایک محاورہ کہنا چاہوں گا۔ ایک شیرنی مر گئی، اس کے دو بچے بھوک سے تڑپ رہے تھے۔ ایک بکری کا وہاں سے گزر ہوا۔ اس نے ان کو دودھ پلانا شروع کیا۔ شیر کے بچے جوان ہوئے، ببر شیر بن گئے۔ وہ بکری کو کندھوں پر اٹھا کر پورے جنگل میں گھمایا کرتے تھے۔ کسی جگہ سے چیل گزر رہی تھی۔ اس نے شیر سے پوچھا، یہ آپ کی خوراک ہے، آپ بکری کو کندھے پر اٹھا کر گھما رہے ہیں۔ شیر نے جواب میں کہا کہ احسان کر کے دیکھو۔ پھر ایک دن یہی چیل اڑ رہی تھی تو بارش میں چوہے کے دو بچے بھیگ رہے تھے۔ اس چیل نے پر پھیلا کر ان چوہے کے بچوں کو محفوظ کرنے کی کوشش کی۔ چوہے کے بچے اس کے پر کتر گئے۔ اسے بڑا غصہ آیا۔ جب اس کے پر واپس آئے تو وہ شیر کے پاس واپس آئی۔ کہا، آپ نے تو کہا تھا کہ احسان کر کے دیکھو۔ میں نے چوہوں پر احسان کیا تو انہوں نے میرے پر کتر دیے۔ شیر نے کہا کہ نسل بھی تو دیکھو۔

اتنی قربانیاں دینے کے بعد ہماری حب الوطنی پر شک کرنا، ہماری سمجھ سے بالاتر ہے۔ دو سو ستر نوجوان، پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالے لقمہ اجل بنے۔ سینکڑوں زخمی اور اپاہج ہو گئے۔ پاکستان کی بقا میں جیالوں کی قربانیاں آپ کے سامنے ہیں لیکن ہمیں اس تمام صورت حال کو مدنظر رکھتے ہوئے دیکھنا چاہیے کہ ہر روز، روز عاشورا ہے، ہر ارض، ارض کربلا ہے۔ اس وقت پاکستان کی سرزمین انسانیت کو بچانے کے لیے، انسانیت کی بقا کے لیے کربلا کا منظر پیش کر رہی ہے۔ اس کے کردار کو بنانے کے لیے ہمیں بھی اپنا کردار دیکھنا پڑے گا اور ہمیں اپنا کردار بنانا پڑے گا اس طرح کہ

اے قوم پھر وہی ہے تباہی کا زمانہ
اسلام پھر ہے تیر حوادث کا نشانہ
کیوں چپ ہے، اسی شان سے پھر چھیڑ ترانہ
تاریخ میں رہ جائے گا مردوں کا فسانہ
مٹتے ہوئے اسلام کا پھر نام جلی ہو
لازم ہے کہ ہر فرد حسین ابن علی ہو

اس دعا کے ساتھ کہ اللہ تعالی آپ کی، ہماری، آنے والی نسلوں کی، مملکت خداداد پاکستان اور افواج پاکستان کی حفاظت و نصرت فرمائے۔ والسلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔

جناب چیئرمین: درانی صاحب۔

سینیٹر محمد علی درانی: اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ جناب چیئرمین! اس ایوان میں اب تک Kerry-Lugar Bill پر

جو discussion ہوئی ہے، میں کوشش کروں گا کہ کسی چیز کو repeat کیے بغیر چند نکات آپ کی خدمت میں پیش کروں۔

Mr. Chairman: Very kind of you.

سینیٹر محمد علی درانی: جناب چیئرمین! اس ہاؤس میں بھی اور قومی سطح پر اس وقت ایک بات کھل کر سامنے آ گئی ہے کہ اس ملک کی پوری قوم نے، اس ملک نے Kerry Lugar Bill کو reject کر دیا ہے اور میں سمجھتا ہوں Kerry Lugar Bill ایک نعمت بن کر بھی آیا ہے کہ اس کی وجہ سے پوری قوم متحد ہو گئی ہے۔ اس کی وجہ سے پوری قوم میں ایک جذبہ اور حمیت پیدا ہو گئی ہے۔ پوری قوم نے غلامی کے کسی راستے کو اختیار کرنے کی بجائے، قومی حمیت کا مظاہرہ کیا ہے اور یہ unpredictability پاکستانی قوم، جس کے بارے میں یہ کہا جاتا تھا کہ یہ تو ایک ویزے کے لیے اپنا سب کچھ بیچ دیتے ہیں، اس قوم نے آج مکمل یکجہتی کے ساتھ یہ پیغام دیا ہے کہ ہم کتنے ہی کمزور کیوں نہ ہوں، ہم کتنی ہی compromised صورت حال میں کیوں نہ ہوں، بہرحال جب قومی غیرت اور قومی حمیت کو للکارا جائے گا، جب تذلیل کا راستہ اختیار کیا جائے گا۔

(مداخلت)

سینیٹر الیاس احمد بلور: جناب یہ غلط بات ہے۔ ہاؤس نے Billکو reject نہیں کیا۔ اس ہاؤس میں ان کی جو پوزیشن ہے، مجھے ان کو interrupt نہیں کرنا چاہیے تھا۔ میں آپ سے بہت معذرت چاہتا ہوں۔ یہ بات اخباروں میں آئے گی۔ مجھے یاد ہے، کل ایک ٹیلیفون پر آپ نے، مشرف صاحب نے امریکہ کو جیکب آباد کے ائیرپورٹ بھی دے دیے تھے اور سارا کچھ دے دیا تھا۔ خدا کے لیے ایسی کوئی بات نہ کریں۔ اپنی بات کریں۔ سارے ہاؤس کی بات نہ کریں۔ Please.

سینیٹر محمد علی درانی: میں صرف اتنی گزارش کرنا چاہوں گا کہ جناب جب ایک چھوٹی سی اقلیت اپنی رائے دیتی ہے تو اس ہاؤس میں سب سنتے ہیں۔ وہ لوگ جو جمہوریت کے علمبردار ہیں----

(مداخلت)

سینیٹر محمد علی درانی: جناب یہ بات کر لیں۔ میں خاموش ہو جاتا ہوں۔ یہ کوئی طریقہ نہیں ہے۔ یہ جو کچھ کہتے ہیں، ہم سنتے ہیں۔ آپ لوگ کہتے ہیں کہ ہم جمہوری ہیں۔ آپ تو اپوزیشن کو بات کرنے کا موقع بھی نہیں دیتے۔

Mr. Chairman: Durrani Sahib, please.

سینیٹر محمد علی درانی: اس رویے کو بدلنا چاہیے۔ کیا کیا اور کیا نہیں کیا۔ بہت کچھ آپ نے بھی کیا ہے۔ جناب چیئرمین! یہ میں کہنا چاہتا ہوں اور آج میں دوبارہ ہاؤس میں کہوں گا کہ پوری قوم نے اس Bill کو reject کر دیا ہے۔ جو اس Bill کو لے کر چلے گا وہ اپنی سیاسی قبر کو اپنے کندھوں پر اٹھا کر چلے گا۔ یہ آپ نوٹ کر لیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ جواب دے دیجیے گا۔ درانی صاحب ایک منٹ please.

سینیٹر اسلام الدین شیخ: یہ اگر کہتے ہیں کہ پورے ہاؤس کا consensusہو گیا۔ ہاؤس کا کوئی consensus نہیں ہے۔ یہ پوری قوم کی بات کرتے ہیں، یہ پوری قوم کے کوئی لیڈر نہیں ہیں۔ یہ پوری قوم کی نمائندگی نہیں کر رہے۔ یہ اپنی بات کریں، اپنی پارٹی کی بات کریں۔

جناب چیئرمین: شیخ صاحب,please ۔ درانی صاحب ایک منٹ

(مداخلت)

سینیٹر محمد علی درانی: جناب!میں یہ بتا دوں کہ ڈیسک ہمیں بھی بجانے آتے ہیں۔ اگر یہ رویہ رہے گا تو پھر حکومت والا کوئی بھی بات نہیں کر سکے گا۔ مجھے کوئی نہیں روک سکتا۔ میں بولوں گا، میں اپنی بات کروں گا، میں رائے دوں گا۔ آپ کے پاس اختلاف کا حق ہے لیکن interfere کرنے کا حق نہیں ہے۔ جناب! House کو in order کیا جائے تا کہ میں بات کرسکوں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ڈاکٹر کھٹومل صاحب! بیٹھ جائیے۔ Everybody sit down please. I request all the honourable members. چٹھہ صاحب! آپ بھی پلیز۔ Every member has a right to say, to express what is in his mind and other members have got a right to reply. Let us hear patiently whatever the member is saying. اگر آپ کو ان کی کوئی بات پسند نہیں آئے گی تو یہ آپ کا حق ہے، آپ reply کریں کہ یہ بات غلط ہے مگر please let him continue. Thank you. (ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر محمد علی درانی: جناب! اس پر میں یہی کہوں گا کہ پوری قوم اور پاکستان کے تمام سوچ رکھنے والے، پاکستان سے محبت رکھنے والے لوگوں کے اس روّیے پر پوری قوم، آپ کو اور اس House کو مبارکباد دینا چاہوں گا۔میں اس کے بعد کیری لوگر بل کے بارے میں اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ ہمیں اس کی زبان کو نہ سمجھنے کا طعنہ ہمارے سفیر محترم نے دیا تھا۔ آج یہ بات ثابت ہو گئی ہے کہ امریکا میں جو ہمارے سفیر ہیں وہ شاید پاکستان کے تو نہیں، امریکا اور بھارت کے سفیر ضرور ہیں کیونکہ نہ صرف اس House میں ان کے بل کو ہر ایک نے سمجھا ہے بلکہ ان کی لکھی ہوئی کتابوں اور تحریروں کو قوم نے اور ہر ایک نےسمجھ لیا ہے۔ یہ لمحہ فکریہ ہے اور جناب والا! میں یہ بتانا چاہوں گا کہ پاکستان کی تاریخ گواہ ہے کہ پاکستان میں خواہ کوئی ڈکٹیٹریا منتخب عوامی لیڈر آیا ہو، اس نے اقتدار میں آنے کے لیے جو چاہے compromises کیے ہوں لیکن اس کے اقتدار سے جانے کی وجہ ہمیشہ قومی issues پر stand لینا بنا ہے۔اگر ایوب خان نے لکھا 'Friends not Masters' اگر بھٹو صاحب نے nuclear programme, third world پر کوئی compromise نہیں کیا، اگر ضیاء الحق نے continuity دی، اگر نواز شریف صاحب نے دھماکا کیا اور onward بھی یہ سلسلہ چلتا رہا اور میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آج تک پاکستان کےمفادات پر نہ کسی لیڈر نے compromise کیا ہے، نہ کوئی آئندہ کرے گا۔ میں خود انتظار کر رہا ہوں کہ ''پاکستان کھپے'' کا نعرہ لگانے والے لیڈر میں کب بھٹو جاگتا ہے۔ میں اس چیز کا بھی انتظار کر رہا

ہوں کہ پاکستان کی بات کرنے والوں اور پاکستان کے لیے جانوں کا نذرانہ دینے والوں میں اس وقت تقسیم کا۔۔۔

(اس موقع پر ایوان میں ظہر کی اذان سنائی دی)

جناب چیئرمین: جزاک اللہ۔ درانی صاحب! continue کیجئے۔

سینیٹر محمد علی درانی: جناب! میں بھول گیا تھا، میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ زبان کی غلطی شاید ہمارے سفیر کو تو نظر نہیں آئی لیکن American Ambassador کو پاکستان میں نظر آ گئی اور انہوں نے اپنی غلطی کو تسلیم بھی کر لیا۔ شاید یہ پڑھے لکھے لوگوں کی نشانی ہوتی ہے کہ وہ اپنی غلطیوں پر اڑنے کی بجائے ان کو تسلیم کر لیتے ہیں۔ اسی لیے ہمیں بھی اسی spirit کے ساتھ چلنا چاہیے۔ میں نے اس Kerry Lugar Bill کو جتنا سمجھا ہے، اگر چند الفاظ میں اس کی gist بیان کروں تو حقیقت میں Kerry Lugar Bill کی زبان کہتی ہے کہ پاکستان کے عوام اور افواج دہشت گردی کے خلاف قومی جنگ نہ کریں بلکہ کرائے کے گوریلے کا کردار ادا کریں۔ یہ gist ہے Kerry Lugar Bill کا کہ پیسے لو اور یہ کام کرو۔ اگر تمہارے پاس میزائل ہیں اور تمہیں انڈیا سے لڑنا پڑے تو توڑے دار بندوق سے لڑو۔ اگر اپنے ملک کے اندر استعمال کرنے ہیں تو میزائل اور F-16 استعمال کرو لیکن اگر انڈیا سے لڑنا ہو تو پیدل جا کر تلواروں سے جنگ کرو۔ اگر کسی امداد کا یہ concept ہے اور پاکستان کو چلانے کا یہ تصور ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ concept اور کرائے کے گوریلے کا کردار ادا کرنے کے لیے پاکستانی قوم تیار نہیں ہے اور نہ ہی کرے گی۔

جناب چیئرمین! میں نے آپ سے وعدہ کیا تھا کہ مختصر بات کروں گا، جس چیز کی اس وقت سب سے زیادہ ضرورت ہے، وہ قومی یکجہتی ہے۔ وزیر اعظم کو چاہیے تھا اور ابھی بھی چاہیے کہ وہ ایک قومی کانفرنس بلائیں اور اس میں تمام قائدین کے مشورے سے قوم کی امنگوں اور سوچوں کے مطابق قوم کی طرف سے ایک reaction تیار کیا جائے۔ میں اس معاملے میں سیاسی طور پر اور ایک پاکستانی کی حیثیت سے بھی اقتدار اور اپوزیشن میں بیٹھے ہوئے تمام لوگوں کو یہ درخواست کرنا چاہوں گا کہ اس وقت قوم جاگی ہے، اس کو امید کی ضرورت ہے۔ قوم نے اپنی غیرت کا مظاہرہ کیا ہے۔ جب قوموں میں غیرت جاگے تو اس وقت قائدین کا امتحان شروع ہوا کرتا ہے کہ وہ جاگی ہوئی قومی غیرت کو کس طرح مثبت طریقے سے آگے بڑھاتے ہوئے کسی تعمیری راستے پر ڈال دیتے ہیں۔ ہم امریکا سے اور نہ انڈیا سےلڑنا چاہتے ہیں اور نہ ہم دنیا میں اپنے آپ کو کسی دہشت گرد یا شدت پسند کے طور پر پیش کرنا چاہتے ہیں۔ ہم دنیا کو یہ پیغام ضرور دینا چاہتے ہیں کہ پاکستانی قوم اپنی غیرت، حمیّت، دفاع اور اپنے استحکام کے لیے متحد ہے۔ اس مقصد کے لیے جناب چیئرمین! میں تجویز دوں گا کہ قومی کانفرنس بھی ہونی چاہیے اور اس سے آگے بڑھتے ہوئے ہمیں کم از کم قومی یکجہتی کا ایک ہفتہ منانا چاہیے جس کے اندر تمام سیاستدان اپنے تمام اختلافات کو ختم کرتے ہوئے قومی issues پر متفقہ رائے اختیار کر کے آگے بڑھنے کا فیصلہ کریں۔ اس وقت آپ کی افواج جانوں کا نذرانہ دے رہی ہے، پولیس بموں سے اڑ رہی ہے، آپ کی تمام law enforcing agencies کے جوان جانوں کا نذرانہ پیش

کرتے ہوئے شہید ہو رہے ہیں۔ پوری قوم مایوسی میں ہے۔ GHQ پر حملہ ہوا، اس کے بعد کہیں بھی ہو سکتا ہے۔ یہ جگہ اور کوئی جگہ بھی محفوظ نہیں ہے، اس موقع پر قومی حمیّت کا مظاہرہ کرتے ہوئے، قوم کو مایوسی سے نکالنے کے لیے آپ لوگوں کو ایک کردار ادا کرنا پڑے گا۔ میں یہ بات پوری وضاحت سے بتا دینا چاہتا ہوں کہ وہی leaders popular ہوتے ہیں، وہی parties کامیاب ہوتی ہیں اور وہی قیادتیں قوم کے لیے تاریخ میں اپنا نام پیدا کرتی ہیں جو مشکل وقت میں قوم کو امید، جذبہ اورنیا ولولہ دیتی ہیں۔ اس وقت جذبہ، نیا ولولہ اور امید دینے کے لیے میں یہ سمجھتا ہوں کہ پوری قوم یکجہتی اور اتحاد کا مظاہرہ کرے۔ یہ واضح message جانا چاہیے کہ ہم کسی بھی صورت میں اپنے قومی مفادات کا سودا نہیں کریں گے اور جناب چیئرمین! Accountability بھی ایک ضرورت ہوتی ہے۔ وہ لوگ جو اس قومی issue کو پیدا کرنے کا سبب بنے ہیں، جنہوں نے قوم کو بے صبری میں اس دھماکے سے متعارف کرایا کہ جس پر پوری سوئی ہوئی قوم جاگ اٹھی، ان لوگوں کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے اور اس کارروائی کے نتیجے میں قوم کو یہ message دینا چاہیےکہ اس وقت اگر ایک منتخب حکومت ہے،منتخب حکومت کی خوبصورتی یہ نہیں ہوا کرتی کہ وہ اپنی صحیح اور غلط باتوں پر اڑ جائے۔منتخب ہو کر آنے والی حکومتوں کا یہ تقاضا ہوتا ہے کہ اگر وہ جمہوری ہیں، کسی dictator اور جمہوری فرد میں یہی فرق ہوتا ہے کہ جمہوری فرد عوام کی رائے کے آگے سرنگوں کیا کرتے ہیں اور جو آمریت ہوتی ہے، وہ عوام کے آگے ڈٹ جایا کرتی ہے، خواہ کوئی بھی نتیجہ نکلے۔ اس وقت اگر قوم یہ چاہتی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت کی قیادت کا یہ فرض ہے کہ وہ قومی رائے کے آگے سرنگوں کرتے ہوئے، اس چیز کے ذمہ دار افراد کو سزا دے اور یہاں پر بھی ایک متفقہ bill لایا جائے۔ ایک ہفتے کے لیے قومی یکجہتی کا ہفتہdeclare کیا جائے جس میں فوج، police پوری قوم اور ملک یکجہتی کا مظاہرہ کرے۔ جناب چیئرمین! میں آخر میں شکریے کے ساتھ ایک دفعہ پھر دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ زرداری صاحب میں بھی بھٹو کو جگا دے۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ دو بجے تک ایک speaker لے لیتے ہیں، ٹھیک ہے جی۔ Tahir Mashhadi sahib would you like to speak یا غلام علی صاحب پہلے تقریر کر لیں، غلام علی صاحب ! آپ بسم اللہ کیجیئے۔ I am going according to the Advisory Committee's decision. میں کسی سے تفریق نہیں کر رہا ہوں، بنگش صاحب! انشاء اللہ تعالیٰ سب کو کل chance ملے گا، don't worry انشاء اللہ کوئی تفریق نہیں ہو گی۔جی۔

سینیٹر حاجی غلام علی: اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین بہت شکریہ۔ آج ایک اہم موضوع پر اس ایوان میں بحث ہو رہی ہے۔ میں بھی سب سے پہلے خصوصاً صدر پاکستان آصف علی زرداری صاحب، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی صاحب اور ان کی حکومت کو خراج تحسین پیش کروں گا کہ یہ پہلی بار ہے کہ ایوان میں اس طرح کے bill یا موضوع پر کھلے عام debate ہو رہی ہے اور یہ جمہوری حکومت کی نشانی ہے۔ جہاں تک رائے دینےکی بات ہے، جمہوریت میں یہی ہوتا ہے کہ ہر ایک اپنی رائے دیتا ہے

لیکن میرے فاضل دوستوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ جناب چیئرمین! میں اس کا کچھ پس منظر بیان کروں گا، جیساکہ America نے پوری دنیا پر عراق ، افغانستان اور پاکستان پر جنگ مسلط کی ہوئی ہے۔

جناب چیئرمین ! میں بتاتا چلوں کہ جنگ آخریoption ہوتا ہے، جنگ جنگ ہی ہوتی ہے، اس میں لاشیں اٹھتی ہیں اور آج عراق اور افغانستان تو درکنار اپنے ملک اور خصوصاً صوبہ سرحد کے ہر ضلعے میں ہم نے جنگ مسلط کی ہےحالانکہ اس مسئلے کا علاج جنگ نہیں ہے۔ ہمیں Kerry Lugar Bill کی امداد مل رہی ہے اور ہم اپنی اس جنگ کے اخراجات دیکھیں تو میرا خیال ہے کہ اس سے کئی گنا زیادہ ہوں گے۔ ہم کیوں نہ مذاکرات کی طرف جائیں کیونکہ جناب مولانا فضل الرحمن نے حکومت کو ایک اچھی پیشکش مذاکرات کے لیے کی ہے۔ اس سے بیسیوں options ہوتے ہیں، اس میں بات چیت بھی ہوتی ہے، political dialogue بھی ہوتا ہے، جرگہ system بھی ہوتا ہے اور ہم اپنے لوگوں سے بات کیوں نہ کریں، اگر جنگ کسی چیز کا علاج ہوتاتو 9/11 کے بعد دنیا کی super power America نے کہا تھا، اخبارات میں بیانات شائع ہوئے تھے کہ ہم تین مہینوں کے اندر اندر پورے افغانستان پر قبضہ کر لیں گے۔ میں اس super power سے اور آپ سب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ تین مہینوں کی بجائے نو سال گزر گئے کیا افغانستان کے تین کلو میٹر کے area سے وہ باہر نکل سکے ہیں؟ جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں ہے اور آج ہمارے ملک میں ان کی پالیسیوں کی وجہ سے جنگ مسلط کی جا رہی ہے، وہ آج خود اس بات پر آمادہ ہیں کہ افغانستان میں مذاکرات شروع کریں اور ہم افغانستان میں طالبان کو اس sector میں لائیں کہ بات چیت کے ذریعے یہ مسئلہ حل ہو اور وہ آج political leadership کے ساتھ مذاکرات کررہے ہیں۔ ہم جنگ کے خاتمے کی بجائےpolitical dialogue کر رہے ہیں اس میں آپ کی سوچ اور vision کیا ہے۔ جناب چیئرمین! اگر America کسی ملک کی خودمختاری چاہتا ہے تو آج دیکھ لو کہ drone حملے پاکستان میں ہو رہے ہیں، کیا پاکستان کا ایک بچہ، ایک فرد، کوئی رکن، کوئی حکومتی رکن اس پر agree ہے یا انہوں نے اس کی اجازت دی ہے، پورے پاکستان کے عوام میں جب America کے لیے نفرت میں اضافہ ہو رہا ہے تو ہم کیوں نہ انہیں کہیں کہ drone حملے بند کریں۔ کیا یہ ہماری خودمختاری پر حملہ نہیں ہے، کیا یہ پورے پاکستان کے17 کروڑ عوام کے دلوں میں خنجر نہیں گھونپ رہے ہیں؟ جناب چیئرمین !اس لیے ہمیں اپنی خودمختاری کے لیے باعزت اور باقار طریقے سے ان سے بات کرنی ہو گی۔ جناب چیئرمین !ہم سو سال پہلے کے لوگوں کی مثالیں نہیں دیں گے، دو سو سال پہلے کے لوگوں کی مثالیں نہیں دیں گے۔ آپAmerica کی دوستی کی مثال 79 سے لیں،یہ سب کچھ ہمارے سامنے ہے، America ایک اجرتی قاتل کا کردار ادا کر رہا ہے۔ آپ دیکھ لیں کہ 79 سے جن لوگوں کو وہ مجاہد کہتے تھے، ان کو کس طرح دہشت گرد کہا جا رہا ہے، ان کی وہ عینکیں کہاں گئیں؟ جو پہلے مجاہد تھے، اب دہشت گرد بن گئے ہیں۔ جناب چیئرمین ! انہوں نے کس طرح ضیاء الحق سے اپنا agenda مکمل کرا کے اپنے سفیر کے ساتھ انہیں اڑا دیا۔ جناب چیئرمین ! اسی طرح ہمیں چاہئیے کہ ایوان کے تمام اراکین کا اس پراتفاق ہے کہ America اپنے مفادات کی جنگ لڑ رہا

ہےتو ہمیں کوئی پالیسی بنانی چاہئیے ہم کیوں نہ آج سے اپنی پالیسی تشکیل دے دیں اور ہم America پر انحصار کم کریں ۔

جناب چیئرمین! آپ دیکھیں کہ ایران ہمارے سامنے ہے، انہوں نے ایران پر پابندی لگائی تو وہ ایک غیرت مند قوم کی نشانی پیش کر کے ان کی leadership نے وہ کامیابی حاصل کی جو کامیابیاں ان پابندیوں سے پہلے ایران کو نصیب نہیں ہوئی تھیں۔ جب America نے ان کو للکارا تو پوری قوم نے ایک بن کر وہ کامیابی حاصل کی کہ آج America اپنی پالیسی تبدیل کر کے انہیں مذاکرات کی دعوت دے رہا ہے اور ان کی شرائط پر دے رہا ہے۔ جناب چیئرمین! Kerry Lugar Bill کے الفاظ یا شرائط دیکھیں، ہم یہ نہیں کہتے کہ پاکستان کوامداد کی ضرورت نہیں ہے ہمیں یہ چاہئیے۔ ہم صدر پاکستان اور وزیر اعظم پاکستان سے یہ بات کہتے ہیں اوریہdebate ان کی حکومت میں ہو رہی ہے، یہ تجویز دیتے ہیں کہ یہ شرائط، یہ جو conditions ہیں ، پاکستانی قوم کی غیرت اور افواج پاکستان کے خلاف ہیں،ان کو تبدیل کیا جائے ۔ میں یہاں پر ایک بات کروں گا کہ پاکستانی عوام جس طرح بھی زندگی گزار رہے ہیں ، ان کی جو بھی سوچ ہے لیکن اس میں ایک چیز مشترک ہے کہ وہ اپنے leader غیرت مند پسند کرتے ہیں اور اس کی نشانی یہ ہے کہ آپ دیکھ لیں کہ دو سال پہلے جس کا اس ملک کی سیاست میں رتی بھر حصہ نہیں تھا لیکن دو سال پہلے جنرل مشرف اور ان کے جرنیلوں نے سپریم کورٹ کے چیف جسٹس چوہدری افتخارکو کہا کہ آپ استعفیٰ دے دیں اور انہوں نے انکار کر دیا تو وہ پوری قوم کے لیڈر بن گئے۔ پوری قوم پشاور سے لے کر کراچی تک ان کے لیے نکلی، کیوں نکلی کہ انہوں نے ایک جرنیل کے سامنے اس کی بات ماننے سے انکار کر دیا تووہ پوری قوم کے لیڈر بن گئے۔ آج پوری قوم جہاں بھی مسئلہ آتا ہے تو کہتے ہیں کہ محترم چوہدری افتخار صاحب چیف جسٹس آف پاکستان ایکشن لے کر معاملہ حل کریں، ٹھیک ہے حل کریں تو اس طرح میں بھی کہتا ہوں کہ آج اللہ تعالیٰ ایک ذوالفقار علی بھٹو پیدا کرے کہ جو یہ Kerry Lugar Bill پھاڑ کر ان کے منہ پر اور یہاں آ کر پوری پاکستانی عوام کو بتائے کہ یہ ذلت و رسوائی کا بل میں نے ان کے منہ پر دے مارا، میں آج پوری پاکستان کی قوم سے مدد چاہتا ہوں کہ وہ پاکستان کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لیے اپنی طاقت و قوت کے مطابق آگے آئیں۔

جناب چیئرمین! اگر امریکہ پاکستان کا دوست ہے، اگر وہ کہتا ہے کہ میں یہ سب کچھ پاکستان کی بقاء اور ترقی اور بیروزگاری کے خاتمےکےلیے کر رہا ہوں تو میری یہ تجویز ہے کہ آپ ہمیں کیری لوگر بل کی خیرات نہ دے بلکہ صرف اور صرف ہماری textile industries کی production کے لیے کوٹہ سسٹم کا خاتمہ کردیں اور جو پاکستان کی تجارت پر قدغن لگائی گئی ہے اس کا خاتمہ کردیں تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ یہ تو ڈیڑھ ارب ڈالر ہیں، سالانہ 5 ارب ڈالر سے زیادہ آئے گا۔ کتنے افسوس کی بات ہے کہ ہم پر قدغن ہے اور ہم ان کے لیے جانیں دے رہے ہیں، ہمارے بچے شہید ہو رہے ہیں، ہماری ماؤں بہنوں کی لاشیں سڑکوں پر بکھری پڑی ہیں جبکہ بنگلہ دیش ہم سے وہی مال خریدے تو بنگلہ دیش کے through تمام اشیاء امریکہ جانے کی اجازت ہے لیکن ہمیں اجازت نہیں۔ صاف ظاہر ہے کہ نہ اس کو پاکستان کی ترقی سے غرض ہے، نہ یہاں بیروزگاری

سے غرض ہے، اس کی غرض یہ ہے کہ پاکستان کے ہر ضلع میں جنگ ہو، پاکستان کا ہر بچہ اپنی forces کے خلاف بندوق اٹھائے۔ ان کو امداد کون دے رہا ہے۔ آج سے دو تین ماہ پہلے T.V پر ایک فلم چل رہی تھی۔

جناب چیئرمین: آپ ذرا conclude کر لیں۔

سینیٹر حاجی غلام علی: ٹھیک ہے۔ ٹیپوسلطان کی فلم چل رہی تھی۔ اس میں فرنگیوں کے دو کردار تھے، ایک ٹیپوسلطان کو کہہ رہا تھا کہ مجھ سے امدا دلے لیں اور ان کا دوسرا سفیرٹیپو سلطان کے خلاف جنگ کے لیے لوگوں کو آمادہ کر رہا تھا۔ اس کے ایک اپنے جرنیل نے پوچھا کہ آپ یہ کیا کر رہے ہو تو اس نے کہا کہ اگرٹیپوسلطان کو شکست ہوئی اور یہ قوم اٹھی اور جنگ ہوئی تو بھی ہمارا فائدہ ہے کہ یہ آپس میں لڑیں اور اگر اس قوم کو شکست ہوئی تو پھر بھی مسلمان مسلمان کے ہاتھوں مرے گا، ہمیں تو دونوں طرح سے فائدہ ہے، ہمیں تو دونوں کو ساتھ لے کر چلنا چاہیے۔ اس بات میں حکومت کو ایک message ہے کہ اس وقت یہود و نصاریٰ مسلمانوں کے خلاف ہیں، ہمیں چاہیے کہ ہم قومی غیرت اپنائیں اور جب ہم قومی غیرت کی بات کریں گے تو انشاء اللہ تعالیٰ صدر پاکستان اور وزیراعظم کی پشت پر نہ صرف یہ ایوان اور قومی اسمبلی بلکہ 17کروڑ عوام بھی ہوں گے۔ اس سے پہلے اس سے زیادہ سخت شرائط پر بات ہوئی لیکن کسی کو جرات نہیں ہوئی کہ پرویز مشرف کے خلاف اس ایوان میں point of order پر کھڑے ہوتے اور ملک کی غیرت کی بات کرتے ، انہوں نے تو ایک فون پر سب کچھ امریکہ کو دیا، کسی ایک رکن نے بھی آواز نہیں اٹھائی۔ یہ جمہوریت ہے اور سب سے اچھی جمہوریت ہے، اس لیے آج ہر رکن کیری لوگر بل پر بحث کر رہا ہے۔میں حکومت کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ وما علینا الاالبلاغ۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ۔ جی ظفر علی شاہ صاحب۔

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: جناب چیئرمین! یہ جو ordinances پیش کیے گئے ہیں یہ صرف lay down کر دیئے گئے ہیں، it should not be referred to the Standing Committee گورنمنٹ اس پر کیا کرنا چاہتی ہے؟

Mr. Chairman: Let me tell you. You want me to explain.

Senator Syed Zafar Ali Shah: Yes.

Mr. Chairman: Under Article 89 of the Constitution, if you look into it, you look into sub Article (3)

it's about the period of the ordinances whether laid before the یہ جو آرٹیکل 2ہے National Assembly or in the Provincial Assembly and یہ4 مہینے اور 3 مہینے ہے on the expiry of that period it stand repealed, ipsofacto اور clause III کہتی ہے:

> "Without prejudice to the provisions of clause (2), an Ordinance laid before the National Assembly shall be deemed to be a Bill introduced in the National Assembly".

It is laid over here, it is only an information but when it is laid in the National Assembly, then it becomes a Bill. The moment it becomes a Bill then the Article 70 comes into play.

"A Bill with respect to any matter in the Federal Legislative List or in the Concurrent List may originate in either House and shall, if it is passed by the House in which it is originated, be transmitted to the other House".

آرٹیکل70 میں it can originate in either House مگر 89 میں قدغن لگا دی گئی ہے۔

For the ordinance in order to become a Bill, it has to be introduced in the National Assembly.

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: جناب! اسی لیے تو میں اس کی clarification چاہتا تھا کہ چونکہ یہ ہاؤس میں layکیے گئے ہیں اور نیشنل اسمبلی میں-----

Mr. Chairman: I think, let's have a discussion in my chamber, academic discussion.

Senator Syed Zafar Ali Shah: No, it is not academic.

Mr. Chairman: Because they have stand.

Senator Syed Zafar Ali Shah: It's very important.

Mr. Chairman: We will have a discussion on this subject.

Senator Syed Zafar Ali Shah: O.k.

Mr. Chairman: The House stands adjourn to meet again on Wednesday, the 14th October, 2009 at 4.30 p.m. Thank you.

[The House was then adjourned to meet again on Wednesday, October 14, 2009 at 4.30 p.m.]